جدید

فارسی گرامر

دستور فارسی نوین

محمد نذیر رانجھا

ختم نبوت ﷺ زندہ باد **عظمت صحابہ زندہ باد**

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈ من "**اردو بکس**" آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

- گروپ میں صرف PDF کتب پوسٹ کی جاتی ہیں لہذا کتب کے متعلق اپنے کمنٹس / ریویوز ضرور دیں۔ گروپ میں بغیر ایڈ من کی اجازت کے کسی بھی قسم کی (اسلامی وغیر اسلامی، اخلاقی، تحریری) پوسٹ کرنا سختی سے منع ہے۔
- گروپ میں معزز، پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے ممبرز موجود ہیں اخلاقیات کی پابندی کریں اور گروپ رولز کو فالو کریں بصورت دیگر معزز ممبرز کی بہتری کی خاطر ریموو کر دیا جائے گا۔
- کوئی بھی ممبر کسی بھی ممبر کو انباکس میں میسیج، مس کال، کال نہیں کرے گا۔ رپورٹ پر فوری ریموو کر کے کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔
- ہمارے کسی بھی گروپ میں سیاسی و فرقہ واریت کی بحث کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔
- اگر کسی کو بھی گروپ کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا تجویز کی صورت میں ایڈ من سے رابطہ کیجئے۔
- سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام اور پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی و ذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریموو کر دیا جائے گا۔

- تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے **فری آف کاسٹ** وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صَرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔
- عمران سیریز کے شوقین کیلئے علیحدہ سے عمران سیریز گروپ موجود ہے۔
- **لیڈیز کے لئے الگ گروپ کی سہولت موجود ہے جس کے لئے ویریفکیشن ضروری ہے۔**
- اردو کتب / عمران سیریز یا سٹڈی گروپ میں ایڈ ہونے کے لئے ایڈ من سے وٹس ایپ پر بذریعہ میسیج رابطہ کریں اور جواب کا انتظار فرمائیں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہر گز نہ کریں۔ ورنہ گروپس سے تو ریموو کیا ہی جائے گا بلاک بھی کیا جائے گا۔

نوٹ: ہمارے کسی گروپ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ سب فی سبیل اللہ ہے

0306-7163117	0343-7008883	0333-8033313
محمد سلمان سلیم	پاکستان زندہ باد	راؤ ایاز

پاکستان زندہ باد **پاکستان پائندہ باد**

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو

اُطلبُ العلمَ منَ المهدِ اِلی اللحدِ (حدیث نبوی)

چنین گفت پیغمبر راستگوی
ز گہوارہ تا گور دانش بجوی
(فردوسی)

سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کے طلباء کے لئے

مؤلفہ:

محمد نذیر رانجھا

عتیق پبلشنگ ہاؤس
۵۵ — اردو نگر ملتان روڈ لاہور — ۲۵

نام کتاب : جدید فارسی گرامر
مؤلف : محمد نذیر رانجھا
اشاعت اوّل : ۱۹۸۹ء
پرنٹرز پرنٹنگ پیکیجنگ اینڈ پیپر کنورٹنگ کارپوریشن
اسلام آباد
ناشر فرزانہ بخاری، ارم خان
قیمت ۴۸ روپے

انتساب

پیاری امّی ـــــ اور ـــــ پیارے ابّو

ـــــ کے نام ـــــ

جن کی دُعائیں میرے شاملِ حال ہیں

فہرست مندرجات

باب بیست و سوم

باب بیست و چہارم

پیش لفظ

محمد نذیر رانجھا صاحب اکتوبر ۱۹۸۵ء سے نیشنل ہجرہ کونسل میں میرے ہمراہ کام کر رہے ہیں اور اپنے دفتری کام کے ساتھ ساتھ وہ اپنے فراغت کے لمحوں کو مزید مطالعہ تحقیق و تصنیف میں صرف کر رہے ہیں۔ فارسی زبان میں اچھی خاصی دسترس رکھتے ہیں۔ چنانچہ اس سے قبل وہ "رسالۂ ابدالیہ" "حورائیہ" "انسیہ" "شرح اسماء اللہ" تصنیفات مولانا یعقوب چرخی" وغیرہ اہم کتابوں پر کام کر چکے ہیں جن میں سے بیشتر مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان نے ہی شائع کی ہیں۔ ان کے اردو تراجم میں ابدالیہ و انسیہ اور فارسی تصحیحات میں "شرح مثنوی معنوی" مولانا روم اور "نسایم گلشن" شامل ہیں۔

نذیر رانجھا صاحب کے تعارف میں مجھے یہ لکھتے ہوئے خوشی محسوس ہوتی ہے۔ کہ وہ ایک ایسے گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں جہاں ان کے لئے تعلیم کا حصول ناممکن تو نہیں تھا البتہ انتہائی مشکل ضرور تھا۔ انہوں نے نامساعد حالات اور گوناگوں پریشانیوں کے باوجود بڑی ہمت اور شب و روز محنت سے تعلیم حاصل کی، جو ان جیسے حالات سے دوچار جوانوں کے لئے ایک زندہ مثال ہے۔ اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ انہوں نے اپنی تعلیم سے کہیں زیادہ کام اپنے زور قلم سے کر دکھایا اور وہ بھی فارسی زبان میں، جس کو ملکی اور غیر ملکی اہل علم و دانشور حضرات نے قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے۔

فارسی برصغیر کے مسلمانوں کی ایک پسندیدہ اور محبوب زبان رہی ہے اور پاکستان میں بھی تاریخی اعتبار سے فارسی زبان و ادب کی ایک گونہ اہمیت رہی ہے۔ البتہ اس

وقت تعلیمی اداروں میں فارسی اور عربی رُو بہ زوال ہے۔ یہاں ان اسباب کے تذکرے کا موقع نہیں۔ مگر فارسی زبان سیکھنے والوں کو ایک دشواری درپیش رہی ہے اور وہ یہ کہ فارسی۔ اُردو لغت اور اُردو زبان میں فارسی گرامر اور کمپوزیشن کی چند کتابیں تو موجود ہیں۔ لیکن وہ قدیم روش پر لکھی گئی ہیں۔ ناشرین بھی انہی کو بدل بدل کر شائع کرتے رہتے ہیں۔ یوں ان کے معیار اور اہمیت میں کمال کے عنصر کا فقدان نظر آتا ہے۔ اس احساس سے آگاہ افراد یقیناً یہ سوچتے ہیں کہ فارسی زبان کے کسی خیر خواہ اور محب کو اُردو زبان میں اس کی تدریس کے لئے ایک معیاری لغت، گرامر اور کمپوزیشن ضرور مرتب کرنی چاہیئے۔ الحمدُ للہ کہ "جدید فارسی گرامر" کے مؤلف ذہنی طور پر اس احساس سے بھی متاثر ہیں۔

رانجھا صاحب نے "جدید فارسی گرامر" کی تالیف میں ایران اور پاکستان میں موجود مطبوعہ کتب گرامر کو سامنے رکھا ہے اور پھر اس تالیف میں خاص طور پر دو باتوں کو مدنظر رکھا ہے۔ ایک یہ کہ "جدید فارسی گرامر" کو فارسی زبان و ادب کے جدید اصول و ضوابط اور ضروریات کے مطابق مرتب کیا جائے اور دوسرا یہ کہ بار اوّل کتاب مختصر مگر جامع اور اسلوب نگارش سادہ اور رواں ہو۔ اس گرامر کا ایک اور امتیاز یہ ہے کہ مؤلف نے اس کے آخر میں معروف اُردو۔ فارسی "ضرب الامثال" اور ایک مفید اور جامع "آمدنامہ" کا بھی اضافہ کر دیا ہے۔ کتاب ہر لحاظ سے سکول، کالج، یونیورسٹی کے طلبا اور اساتذہ کے لئے مفید اور ان کی بنیادی ضرورتوں کی کفیل نظر آتی ہے۔

ہم مؤلف کو ایسی عمدہ کتاب پیش کرنے پر مبارکباد کہتے ہیں اور ان کی علمی ترقی کے لئے دُعا گو ہیں۔

مخلص

ڈاکٹر این۔ اے۔ بلوچ

ایڈوائزر نیشنل ہجرہ کونسل آف پاکستان، اسلام آباد

(اپریل ۱۹۸۹ء)

افتخار

زبان فارسی در شبه قاره همزاد اسلام در این سرزمین است۔ دین مبین اسلام بر بالهای زبان فارسی بدین سرزمین راه یافت۔ مردم این مرز و بوم دین خود را با این زبان آموختند و فرهنگ اسلامی را با این زبان شناختند۔ قرنها بدین زبان آموختند و تکلم کردند، سرودند و تبادل فرهنگی کردند۔ با زبان فارسی بر غنای فرهنگ اسلامی و در سطح جهانی بر فرهنگ بشری افزودند۔ کتابهای ادبی، فنی و تاریخی یعنی در همه زمینه های دانش بشری نگاشتند۔ این آثار گرانبها کتابخانه های سرتاسر شبه قاره را انباشته و موزه نشین خاور و باختر شده اند۔

مراکز گردآوری اسناد تاریخی انباشته است از دهها هزار نامه ها و وثیقه های به زبان فارسی، که مردمان این سرزمین نوشته اند۔ این نامه ها اسناد زندگی فرهنگی و مادی مردم این سرزمین است و وضع اجتماعی و فرهنگ و آداب و رسوم مردم این سرزمین را در خود پنهان دارند۔

هیچ قومی نمی تواند و نمی باید از گذشته خود ببرد۔ نمی توان از این آثار چشم پوشید۔ و برای بهره مندی از آنها بایستی پیوند خود را با زبان فارسی نبرید۔

آقای محمد نذیر رانجها که تألیفات و تحقیقات ایشان در جامعه باشناخته شده است۔ و این ناچیز افتخار دارم که سالها در مرکز تحقیقات فارسی در بخش کتابشناسی با ایشان همکاری داشته ام و یاریهای ایشان در کار نگارش "فهرست مشترک کتابهای فارسی در پاکستان"

از لابلای آن فهرست روشن است. تحقیقات ایشان در زمینهٔ شناسایی کتابهای فارسی ایشان را به اهمیت حفظ زبان فارسی واقف ساخته است و ایشان را به تألیف این کتاب ("جدید فارسی گرامر" یا دستور نوین زبان فارسی) رهنمون گردیده است.

امید وارم ایشان در همهٔ زمینه های فرهنگی بویژه در خدمت به فرهنگ مشترکمان کامیاب باشند.

احمد منزوی

احمد منزوی

نوروز ۱۳۶۸ اخ (اپریل ۱۹۸۹ء)

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان

اسلام آباد

به مناسبت تألیف و چاپ و انتشار کتاب دستورِ زبان فارسی
بزبان اُردو به کوشش و اهتمام آقای محمّد نذیر رانجها
جوان کوشا و زحمتکش زبان اُردو و فارسی و پنجابی

محبِّ اَدب

هست "رانجها" از مُحبّانِ اَدب — چشمِ او رخشان بُوَد چون ماهِ شب

می گُدازد عشقِ حق جان و دلش — هیر و رانجها از وجودش مُلتَهب

خوش بُوَد با او نشستن دم بدم — حاسدِ او از کلامش جان به لب

چهرهٔ خندان او اخلاقِ او — ماه رویش بُرده از ماهان نَسَب

دستِ زحمت رابست از پشت و گفت — نان زحمت می خورد از لُطفِ ربّ

عالمِ دین است و مسجد جای او — در خطابت ماهر و دور از طَلَب

نقشبندِ عشقِ پاک است این جوان — خواجهٔ نقشبند او پارسا لَقَب

او نوشته فارسی دستورِ دل — آتشِ فارسی به جانش زد لَهَب

فارسی باشد زبانِ او ولی — ماهرِ اُردو و پنجابی سلب

"دلگشا باغ" آمده تاریخِ آن — خوش بُوَد هر کس ازین باغ ای عجب

۱۳۶۸ ھ ش

"تحائفِ شیرین سخن" باشد نذیر — تو بخوان تاریخ ہجری بی تعب

۱۴۰۹ ھ ق

از "بیاضِ رنگِ خوش" تاریخ جو — ای محمّد، ای نذیرِ خوش نَسَب

۱۹۸۹ م

این "رہا" شد خادمِ علم و ادب — حافظش باشد مُسبّبِ بی سبب

سرودهٔ: دکتر محمّد حسین تسبیحی ۶۸-۱-۱۴ / ۱۹۸۹-۴-۴ ۲۷ شعبان المعظم ۱۴۰۹ ھ ق اسلام آباد پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب اوّل

گرامر

کسی زبان کی گرامر وہ علم ہے جو ہمیں صحیح لکھنا اور پڑھنا سکھاتا ہے۔ لہذا صحیح طرح بولنے اور لکھنے کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ متعلقہ زبان کی گرامر پر عبور حاصل کیا جائے۔

کلمہ

ہر زبان بولنے اور لکھنے کے لئے کلمہ یا کلمات کی ضرورت ہوتی ہے ہر کلمہ چند حروف سے تشکیل پاتا ہے۔

تعریف

حروف کا ایسا مجموعہ جس کا مفہوم آسانی سمجھ آجائے، کلمہ کہلاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں بامعنی لفظ کو کلمہ کہتے ہیں جیسے نان اور آب کہنے سے سننے والا فوراً سمجھ جاتا ہے کہ نان کھانے کی چیز اور آب پینے کی چیز ہے۔

مثالیں

انسانی زبان سے کئی طرح کی آوازیں نکلتی ہیں مثلاً گنگنانے ، کھانسنے یا درد سے کراہنے وغیرہ کی۔ وہ آوازیں جو بے معنی ہوتی ہیں کلمہ نہیں کہلاتیں لیکن مختلف حروف کے مجموعے مثلاً میز، صندلی، نوشیدن اور عمر جیسے الفاظ کلمہ کہلاتے ہیں۔

حروفِ تہجّی

کلمہ کی ساخت اور بناوٹ کے لئے ایک سے زائد حروف کی ضرورت ہوتی ہے وہ حروف جن سے کوئی زبان بنتی ہے۔ حروفِ تہجّی کہلاتے ہیں۔ فارسی زبان میں مندرجہ ذیل تینتیس حروفِ تہجّی ہیں:

ا ، ء ، ب ، پ ، ت ، ث ، ج ، چ ، ح ، خ ، د ، ذ ، ر ، ز ، ژ ، س ، ش ، ص ، ض ، ط ، ظ ، ع ، غ ، ف ، ق ، ک ، گ ، ل ، م ، ن ، و ، ہ ، ی۔ ان تینتیس حروف میں ث ، ح ، ص ، ض ، ط ، ظ ، ع ، ق ، عربی زبان کے مخصوص حروف ہیں جو فارسی میں داخل ہوئے ہیں۔ پ ، چ ، ژ ، گ فارسی کے اپنے حرف ہیں اور باقی فارسی و عربی کے مشترکہ حروف ہیں۔

الف

فارسی زبان میں " الف " جملہ کے شروع میں نہیں بلکہ اس کے وسط یا آخر میں آتا ہے، جیسے : زیبا کار وغیرہ

ہمزہ

"ھمزہ" ہمیشہ کلمہ کے شروع میں آتا ہے جیسے : اَبرو ، اَسب وغیرہ۔
ہاں عربی کلمات میں کبھی شروع اور کبھی آخر میں ہمزہ آتا ہے جیسے : اَمر،
سؤال، جزء وغیرہ۔

لہذا "پائیز، پائین، آئین" وغیرہ جیسے کلمات کی غلط تحریر کا
رواج لوگوں میں عام ہوگیا ہے۔ مذکورہ بالا اصول کے مطابق ایسے ہمزہ
کو اس کی اصلی صورت یعنی "ی" میں لکھنا چاہیئے۔ جیسے : پاییز، پایین،
آیین وغیرہ۔ یونہی اکثر دیکھا گیا ہے کہ جو کلمات "ھائے" غیر ملفوظہ پر ختم
ہوتے ہیں ان میں "کسرۂ مضاف" کی جگہ ہمزہ لکھ دیا جاتا ہے اور ...
"ی" کی آواز میں پڑھا جاتا ہے جیسے "خانۂ من" جسے "خانہ ی من" پڑھا جاتا
ہے۔ "ہ" پر موجود ہمزہ دراصل "ی" ہے جسے لکھنے میں مخفف کرتے ہوئے
اس کے آغاز کا "ء" بنا دیا گیا ہے اور یوں دانشوروں کی ایک جماعت
نے اسے حقیقت میں "ہمزہ" ہی سمجھ لیا ہے۔ اس طرح کی بڑی غلطی سے بچنے
کے لئے یہ ضروری ہے کہ ایسے کلمات کو ان کی صحیح صورت میں لکھا جائے جیسے
"جامہ ی عثمان"، "نامہ ی نامہ"۔

حرف "و"

وہ "واو" جو لکھی جائے لیکن پڑھی نہ جائے اسے "واو معدولہ"
کہتے ہیں۔ "واو معدولہ" کے شروع میں ہمیشہ "خ" آتی ہے اور اس
کے آخر میں د، ر، ز، س، ش، ن، و، ہ، ی آتے ہیں۔

ا۔ وہ "د" جو خوب تیز نہ پڑھی جائے جیسے : [illegible] وغیرہ۔

اگر "واو معدولہ" کے بعد "الف" آئے تو "واو" "الف" کی آواز دیتی ہے جیسے: خواب، خوار، خوان وغیرہ۔
اگر "واو معدولہ" کے بعد "ی" آئے تو "واو" "ی" کی آواز دیتی ہے، جیسے: خویش، خوید وغیرہ میں "واو" "ی" کی آواز دیتی ہے۔

حرکت

زیر، زَبر، پیش کو حرکت کہا جاتا ہے اور جس حرف پر حرکت آئے اسے متحرّک کہتے ہیں۔ فارسی زبان میں حرکات کی دو قسمیں ہیں۔ "حرکاتِ کوتاہ" اور "حرکاتِ بلند"۔

حرکاتِ کوتاہ

فَتحَہ یا زَبر	مثلاً دَر، شَب
کسرہ یا زیر	مثلاً دِل، گِل
ضمہ یا پیش	مثلاً گُل، بُلبُل

جَزَم

جَزَم کو سکون بھی کہا جاتا ہے۔ جس حرف پر جزم آئے اسے ساکن کہتے ہیں، جیسے:
"رُخصَت" میں "خ" ساکن ہے۔

تنوین

جب کسی حرف کے نیچے یا اوپر دو زبریں، دو زیریں یا دو پیشیں آئیں اسے تنوین کہتے ہیں اور یہ عربی کلمات کے آخر میں آتی ہے، جیسے دو زبر ـً دو زیر ـٍ دو پیش ـٌ ان علامتوں سے نون کی آوازیں پیدا ہوتی ہے۔

مثلاً :

(۱) دو زَبَر یا فتحہ ـــًـــ اسے "تنوین نصب" کہتے ہیں

(۲) دو زیر یا کسرہ ـــٍـــ اسے "تنوین جر" کہتے ہیں

(۳) دو پیش یا ضمہ ـــٌـــ اسے "تنوین رفع" کہتے ہیں

فارسی رسم الخط میں تنوین لکھی نہیں جاتی، پڑھی ضرور جاتی ہے اور عربی زبان کی تقلید میں فارسی الفاظ پر تنوین لگانا درست نہیں یعنی جاناً. زباناً لکھنے کی بجائے "جانا"، "زبانا" لکھا جائے گا اور پڑھا تنوین کے ساتھ جائے گا۔

مدّ کشیدہ

جہاں "ہمزہ" اور "الف" ایک ساتھ آ جائیں وہاں "الف" کے اوپر علامت مدّ (ـــٓ) ڈال دیتے ہیں۔ جیسے : آپ ، آج (اردو)۔ آسمان ، آب (فارسی) وغیرہ۔ فارسی زبان میں مدّ ہمیشہ کلمہ کے شروع میں آتی ہے اور جس "الف" پر مدّ آئے اسے "الف ممدودہ" کہتے ہیں۔

شدّ

کسی حرف کے اوپر شدّ (ـــّ) ڈال دیا جائے تو وہ اس کے تکرار کی دلالت کرتا ہے اور جس حرف پر علامت شدّ (ـــّ) آئے اسے مشدّد کہتے ہیں ، جیسے :

تجلّی	تفکّر
(ت ج ل ل ی)	(ت ف ک ک ر)

"حائے معجمہ" اور "حائے مہملہ"

قدیم زمانے میں نقطہ دار حروف (حروف منقوط) کو حروف معجمہ اور بے نقطہ حروف (حروف غیر منقوط) کو (حروف مہملہ کہتے تھے۔

"ہائے غیر ملفوظ" اور "ہائے ملفوظ"

کلمات کے آخر میں آنے والی ایسی "ہ" جسے خوب کھل کر پڑھا نہ جائے وہ "ہائے غیر ملفوظ" کہلاتی ہے۔ جیسے: دانہ، رستہ، نامہ وغیرہ اور جو "ہ" خوب کھل کر پڑھی جائے اسے "ہائے ملفوظ" کہتے ہیں، جیسے: واہ، گواہ وغیرہ۔

تخفیف

شاعر اور ادیب بعض اوقات کسی لفظ کو مختصر کر لیتے ہیں اور جس لفظ کو مختصر کیا جائے اسے مخفف کہا جاتا ہے، جیسے: جمشید سے جم، کنوان سے کنوں، چاہ سے چہ، ماہ سے مہ وغیرہ۔

باب دوم

لفظ اور اس کی اقسام

لفظ کی تعریف: بات کرتے وقت انسان کے منہ سے جو کچھ نکلتا ہے سے "لفظ" کہا جاتا ہے۔ لفظ کی دو اقسام ہوتی ہیں: کلمہ ور مہمل۔

کلمہ اور مہمل

کلمہ: ایسا لفظ جس کا کچھ نہ کچھ مطلب سننے والے کی سمجھ میں آ جائے اسے کلمہ کہتے ہیں، جیسے آب ، نان ، اس کے سننے سے سمجھ آ جاتی ہے کہ نان کھانے اور آب پینے کی شے کو کہتے ہیں۔

مہمل: ایسا لفظ جس کے سننے سے کچھ معنی سمجھ میں نہ آئیں، وہ مہمل کہلاتا ہے جیسے: نان وان ، آب واب ، ان میں "وان" اور "واب" مہمل ہیں کیونکہ یہ کسی چیز کا نام نہیں ہیں اور نہ ہی ان کے کہنے سے کوئی مقصد سمجھ میں آتا ہے۔

کلمہ اور اس کی اقسام

با معنی لفظ یا کلمہ کی تین اقسام ہیں :

اسم : وہ کلمہ جو کسی انسان ، حیوان یا بے جان چیز یا جگہ کا نام ہو ، جیسے :
مدثر ، مبشر ، فیل ، گربہ ، میز ، کتاب ، سرگودھا ، راولپنڈی
وغیرہ ۔

فعل : وہ کلمہ جس سے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا علم ہو اور اس
میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے ، جیسے :
عائشہ قرآن خواند (عائشہ نے قرآن پڑھا)
مدثر بازی می کرد (مدثر کھیلتا تھا)
شاہدہ مدرسہ می رود (شاہدہ مدرسہ جاتی ہے)

حرف : وہ کلمہ جو دوسرے کلمات کے ساتھ ملے بغیر پورے معنی نہ
دے اور اسموں اور فعلوں کو آپس میں ملانے کے کام آئے ،
جیسے : تا ، در ، از ، بر وغیرہ ۔

جملہ

تعریف : جملہ کلمات کے ایسے مجموعے کو کہتے ہیں جس سے بات پوری
پوری سمجھ میں آجائے ، جیسے :
استاد درس می دہد (استاد سبق دیتا ہے)
باران می بارد (بارش برستی ہے)

معنوی لحاظ سے جملے کی دو اقسام ہیں: (الف) جملہ خبریہ، (اخباری)، (ب) جملہ انشائیہ (انشائی)۔

الف۔ جملہ خبریہ (جملہ اخباری) وہ جملہ جو کہ خبر کو بیان کرے خواہ وہ سچی یا جھوٹی ہو، جیسے:

اسلم درس می خواند (اسلم سبق پڑھتا ہے)

من نان می خورم (میں روٹی کھاتا ہوں)

ب۔ جملہ انشائیہ (جملہ انشائی) وہ جملہ ہے جس میں سچ یا جھوٹ کا تعلق نہ ہو کیونکہ انشائیہ جملے میں خبر بیان نہیں ہوتی، جیسے:

کتاب کجا است؟ (کتاب کہاں ہے؟) جن جملوں میں فعل، امر، نہی، استفہام، دعا، تمنا، ندا کا بیان ہو۔ وہ انشائی جملے کہلاتے ہیں، جیسے: درس گوش کن (سبق سن)

جملہ خبریہ (اخباری) و جملہ انشائیہ (انشائی) یا کامل یا ناقص یا مکمل ہوتا ہے۔

جملۂ کامل: وہ ہے جو ہر لحاظ سے کامل معنی رکھتا ہو اور سننے والا اس کے بعد کسی اور چیز کے سننے کا منتظر نہ رہے، جیسے:

خالد دیروز از کراچی آمدہ است (خالد کل کراچی سے آیا ہے)

جملۂ ناقص: وہ ہے جس کے معنی مکمل نہ ہوں اور سننے والا اس کے بعد کا حصّہ سننے کا منتظر رہے، جیسے:

اگر کوشش کنی (اگر تو کوشش کرے)۔

جملۂ مکمل: ایسا جملہ جو جملہ ناقص کو مکمل کر دے، مثلاً پہلے والی مثال کے ساتھ ایک جملہ بڑھایا جائے تو اس کے معنی پورے ہو جاتے ہیں، جیسے:

اگر کوشش کنی بیرون خواہی شد (اگر تو کوشش کرے تو کامیاب ہو جائے گا)۔

جملۂ معترضہ

جملۂ معترضہ اس جملہ کو کہتے ہیں جو اصل موضوع یا بات سے رابطہ نہ رکھتا ہو اور اس کے اٹھا لینے سے جملہ میں کسی قسم کا خلل پیدا نہ ہو اور اس کا اصلی مقصد واضح رہے، جیسے:

احمد را، کہ کلاہ قرمزی پوشید، می خواہم ببینم

(احمد کو، جو کہ سرخ ٹوپی پہنتا تھا، دیکھنا چاہتا ہوں)

اس فقرے میں سے اگر "کہ کلاہ قرمزی پوشید" اٹھا لیا جائے تو باقی فقرے یعنی "احمد را می خواہم ببینم" میں کوئی خلل واقع نہیں ہوتا۔ پس "کہ کلاہ قرمزی پوشید" جملۂ معترضہ ہے۔

جملہ کی دو مشہور اور اہم اقسام ہیں:

(۱) جملۂ اسمیہ (اسمی)

(۲) جملۂ فعلیہ (فعلی)

۱۔ جملۂ اسمیہ (اسمی)

ایسے جملے میں "مسند الیہ" ہمیشہ اسم ہوتا ہے جب کہ "مسند" کبھی اسم ہوتا ہے اور کبھی فعل، جس جملے میں "مسند الیہ" اور "مسند" دونوں اسم ہوں نیز اس میں فعل ناقص آئے اسے "جملہ اسمیہ" کہتے ہیں، جیسے:

اسلم مریض است (اسلم بیمار ہے)

اس فقرہ میں "اسلم" اور "مریض" دونوں اسم ہیں اور "است" فعلِ ناقص (رابطہ) ہے جملہ اسمیہ کا "مسند الیہ"، "مبتدا" اور "مسند" خبر کہلاتا ہے۔

جملہ فعلیہ (فعلی)

جس جملے میں "مسند الیہ" تو اسم ہو مگر "مسند" فعل ہو وہ جملہ فعلیہ کہلاتا ہے۔ جیسے:

مدثر خواند (مدثر نے پڑھا)

اس میں مدثر "اسم" اور "خواند" فعل ہے۔

جملہ فعلیہ کے "مسند الیہ" کو فاعل کہتے ہیں اگر اس میں فعل لازم استعمال ہوا ہو تو جملہ صرف فاعل پر ختم ہو جاتا ہے اور اگر فعل متعدی ہو تو فاعل کے علاوہ مفعول بھی لانا ہوتا ہے، جیسے:

مدثر کتاب خواند (مدثر نے کتاب پڑھی)

اس میں مدثر "فاعل"، کتاب "مفعول" اور خواند فعل ہے۔

جملہ کی چند دیگر صورتیں

جملہ سوالیہ (پرسشی): جس میں سوال کیا جائے، جیسے:

مامان کجا است؟ (ماں کہاں ہے؟)

جملہ حکمیہ (امری): جس میں کام کے کرنے کا حکم دیا جائے، جیسے:

مدرسہ برو (مدرسہ جا)۔

جملہ تعجبیہ (تعجبی): جس میں تعجب پایا جائے، جیسے:
چہ غذای خوبی! (کیسی اچھی غذا!)

ارکانِ جملہ

اگر جملہ اسمیہ (اسمی) ہو تو اس کے مندرجہ ذیل ارکان ہوتے ہیں۔

۱۔ مسند الیہ (اسم یا مبتدا)۔

۲۔ مسند (خبر)۔

۳۔ حرفِ ربط (فعل ناقص)۔

ترتیب: پہلے مسند الیہ (اسم یا مبتدا) پھر مسند (خبر) اور اس کے بعد حرف ربط (فعل ناقص) آئے گا، مثلاً

احمد مریض است (احمد بیمار ہے)

اسلم دانا بود (اسلم عالم تھا)

پرویز مردود گشت (پرویز فیل ہوا)

پوشاک خراب شد (لباس خراب ہوا)

۱۔ "مسند الیہ" یا "فاعل": اس شخص یا چیز کو کہتے ہیں جس سے کسی شخص یا چیز کو نسبت دی جائے یا اس سے سلب کر لی جائے۔ مثلاً:

مبشر صادق است (مبشر سچا ہے)

شاہد دانا است (شاہد دانا ہے)

ان جملوں میں مبشر اور شاہد "مسند الیہ" ہیں۔

نکتہ: ہر فاعل "مسند الیہ" ہوتا ہے لیکن ہر "مسند الیہ" فاعل

نہیں ہوتا۔ مسندالیہ کبھی اسم یا ضمیر، عدد، مصدر یا اسم مصدر ہوتا ہوتا ہے، جیسے:

زہرہ زیبا است (زہرہ خوبصورت ہے)
شما چقدر خوب ہستید (آپ کتنے اچھے ہیں)
چہار زوج است (چار جفت ہے)
راست گفتن از صفات پسندیدہ است
(سچ بولنا پسندیدہ صفات میں سے ہے)
ورزش موجب تندرستی است (ورزش تندرستی کا ذریعہ ہے)

ہر جملہ میں "چند مسندالیہ" ہو سکتے ہیں۔ جیسے:
احمد و ریحانہ و اسلم درسخوان ہستند
(احمد، ریحانہ اور اسلم پڑھنے والے ہیں)

نکتہ: فعل و حرف کے سوا تمام کلمات جملہ کے "مسندالیہ" ہو سکتے ہیں۔

۲۔ **مسند** (خبر): وہ صفت یا کام ہے جسے "مسندالیہ" سے نسبت دی جائے یا اس سے سلب کر لی جائے۔ جیسے:

تخم مرغ سفید است (مرغی کا انڈا سفید ہے)
ناہید زیرک نیست (ناہید ذہین نہیں ہے)

سفیدی کو مرغی کے انڈے سے نسبت دی گئی ہے اور "زیرکی" کو ناہید سے سلب کر لیا گیا ہے۔

"مسند" بھی اسم، صفت، کنایہ، مصدر یا اسم مصدر ہو سکتا ہے۔

جیسے :

ہنر سرمایۂ مرد است (فن مرد کا سرمایہ ہے)

لاہور شہر بزرگ است (لاہور بڑا شہر ہے)

دوسری طرف "مسند" کبھی ایک اور زمانہ ایک سے زیادہ ہو سکتا ہے، جیسے :

این داستانِ جالب، شیرین و روان است۔

(یہ دلچسپ کہانی، شیریں اور رواں ہے)

۳۔ حرفِ رابطہ (پیوند) یا فعل ناقص یا حرف ربط :

وہ کلمہ ہے جو مسند اور مسندالیہ کے درمیان ربط اور تعلق پیدا کرے اگرچہ استن، بودن، شدن، گشتن، آمدن کو جملات رابطہ کہا جاتا ہے اور انہیں فعل عام کہتے ہیں لیکن فارسی زبان میں حقیقی رابطہ مصدر "استن" سے "است" ہے۔

"است" کا رابطہ شخص سوم مفرد کے علاوہ مخفف صورت میں بیان ہوتا ہے، جیسے :

بیدارم یعنی بیدار ہستم (میں جاگتا ہوں)

خوابی یعنی خواب ہستی (تو سویا ہے)

ہوشیارند یعنی ہوشیار ہستند (وہ ہوشیار ہیں)

باب سوم

اسم

وہ کلمہ جو انسان حیوان کسی چیز یا جگہ کے معین کرنے کے لیے استعمال ہو اسے اسم کہتے ہیں یا وہ کلمہ جو کسی جاندار یا بے جان چیز یا جگہ کا نام ہو وہ اسم کہلاتا ہے ، جیسے :

(انسان) مرد ، پدر ، اکبر ، عائشہ ، زبیر ، شاہد ۔

(حیوان) گوسفند ، اسپ ، کبوتر ، ماہی ۔

(بے جان چیز) کتاب ، میز ، تختہ سیاہ ، کلاس ۔

۱۔ اسم عام (اسم نکرہ)

وہ اسم ہے جو اپنے ہم جنس شئی کی یا چیزوں کے لئے استعمال ہو یا وہ اسم جو کسی عام چیز کا نام ہو۔ اسم عام (اسم نکرہ) کہلاتا ہے۔ اسے اسم جنس بھی کہتے ہیں۔ جیسے :

مرد ، شہر ، درخت ، شتر وغیرہ ۔

جب ہم مرد کہیں گے تو اس میں بچے، جوان، بوڑھے، ملازم، کسان، درزی سبھی افراد شامل ہوں گے اور جب ہم شہر کہتے ہیں تو اس سے کراچی، لاہور، سرگودھا ہر قسم کے شہر مراد لیے جا سکتے ہیں۔ ایسے ہی شتر ہیں نر اونٹ، مادہ اونٹ، اونٹ کا بچہ سبھی قسم کے اونٹ شامل ہوں گے۔

۲۔ اسم خاص (اسم معرفہ)

وہ اسم جو کسی خاص شخص، حیوان، یا چیز یا جگہ کے لئے بولا جائے اسم خاص کہلاتا ہے۔ جیسے: عمر، شبیر، میز، سرگودہا وغیرہ۔ یاد رہے کہ اسم خاص کی جمع نہیں بنتی۔

اسم ذات (اسم معنی)

اسم ذات وہ اسم ہے جس سے ایک چیز کی حقیقت دوسری چیزوں سے الگ پہچانی جائے اور اس سے کوئی وصف مراد نہ ہو، جیسے:
گلستان، زاغ، انسان وغیرہ۔

اسم معنی

وہ اسم جو اپنے وجود سے موجود نہ ہو اور اس کا وجود کسی دوسری چیز سے وابستہ ہو اور وہ ایک حالت یا صفت کا نام ہو اسم معنی کہلاتا ہے۔ جیسے: عقل، ہوش، بخشش، سفیدی، سیاہی وغیرہ۔

اسم سادہ (بسیط) یا مفرد

جو اسم ایک کلمہ سے اور بغیر کسی جزء کے بنے وہ اسم سادہ (بسیط) یا مفرد کہلاتا ہے، جیسے: کتاب، باس، دختر وغیرہ۔

اسم مرکب

وہ اسم جو دو یا دو سے زائد کلمات سے بنے اسم مرکب کہلاتا ہے۔
جیسے: کارخانہ، تخت خواب، مہمان سرا وغیرہ۔

اسم مرکب کی مندرجہ ذیل صورتیں ہو سکتی ہیں:

دو اسموں سے: کارخانہ، سرپردہ، گلاب، [illegible]
اسم و صفت سے: دلتنگ، زردکوہ، سپید رود، دلسرد، بلند قد
اسم و عدد سے: چارپائی، سی و سہ پل، چہل ستون، چہارسو
دو فعلوں سے: ہست و نیست، بود و نبود
مضاف کی کسرہ کے حذف کرنے سے: مادرزن، پدرزن، مادرشوہر
دو صفات سے: نیک و بد، سرد و گرم
اسم و قید سے: ہمیشہ بہار، زیر زمین
دو قیدوں سے: چون و چرا، اندک و بیش
اسم و اسم مفعول سے: دل شکستہ، خمیدہ قد
دو مصدر مخففہ[1] سے: برد و باخت، رفت و آمد، تاخت و تاز

---

[1] جب مصدر کے آخر سے "ن" حذف کر دیا جائے تو اسے مصدر مخفف کہتے ہیں، جیسے "بردن" اور "باختن" جو "برد" "باخت" بن جاتا ہے۔

مصدر مرخم اور فعل امر سے : گفت وگو ، جست وجو بشست وشو

اسم و سابقے (پیشاوند) سے: ہمسر، درآمد ، بازدید

اسم و لاحقے (پساوند) سے : باغبان ، جانور، کوہسار ، دانشکدہ ، خداوند۔

کبھی مصدر اور اسم مصدر سے : جیسے : خورد و خواب ۔

اسم معرفہ اور نکرہ کی مزید وضاحت

اسم معرفہ

وہ اسم جو کہنے اور سننے والے کے لئے مشخص و معین ہو یا وہ اسم کسی خاص چیز یا شخص یا جگہ کے لئے بولا جائے ، اسے اسم معرفہ کہتے ہیں، جیسے :

کتاب را خواندم (میں نے کتاب پڑھی)

اس میں "کتاب" اسم معرفہ ہے ۔

اسم نکرہ

وہ اسم جو سننے والے کے نزدیک غیر مشخص و معین ہو (یا وہ اسم جو کسی عام چیز کا نام ہو) اسے اسم نکرہ کہتے ہیں، جیسے :

دیروز کتابی را از دوستی گرفتم (میں نے کل ایک کتاب ایک دوست سے لی)

اس میں "کتابی" اور "دوستی" اسم نکرہ ہیں ۔

اسمِ نکرہ کی نشانی

الف ۔ "ی": اسم کے آخر میں "ی" ہوتی ہے، جیسے:

کتابی، مردی، دختری وغیرہ.

ب ۔ اسم سے پہلے "یک" آتا ہے، جیسے:

یک شب تأمل گذشته می کردم

ج ۔ اسم سے پہلے "یکی" آتا ہے، جیسے:

"یکی جهود" و مسلمان نزاع می کردند (ایک یہودی اور مسلمان جھگڑا کرتے تھے).

د ۔ کبھی اسم کے بغیر "یکی" بطور نکرہ استعمال ہوتا ہے، جیسے:

"یکی" را اجل در سر آورد جیش (لشکر ایک آدمی کے لئے موت لایا).

اسمِ معرفہ کی نشانی

اسم معرفہ کے لئے کوئی خاص علامت نہیں ہے سوائے اس کے کہ اگر اسم نکرہ کی علامت دور کردی جائے تو وہ اسم معرفہ بن جاتا ہے، جیسے:

کتابی سے کتاب

یک شب سے شب

یکی جهود سے جهود

کبھی اسمِ معرفہ اسم ضمیر اشارہ ("این" و "آن") سے بھی بنتا ہے جیسے:

(۱) "آن سفر کردہ" کہ صد قافلہ دل ہمرہ اوست

(۲) "آن قلم" من است

اور :

(۱) شنید "این سخن" پیشوای ادب

(۲) "این مداد" اوست

ایران کے بعض علاقائی لہجوں (جیسے شیرازی اور جہرمی وغیرہ) میں اسم کے آخر میں "او" کا اضافہ کر کے اسم معرفہ بنایا جاتا ہے، جیسے : "کتابو را بدہ"

بولنے اور سننے والے کے نزدیک کتاب معین و مشخص ہوتی ہے لیکن یہ "او" علامت تصغیر کے "او" سے جدا ہے۔

اسم مصغّر

اسم مصغّر وہ اسم ہے جو کسی اسم کی چھوٹائی کو ظاہر کرے، جیسے : صندوق سے صندوقچہ وغیرہ اس کی مندرجہ ذیل صورتیں ہیں:

۱۔ چہ لگانے سے، جیسے :

دریا سے دریاچہ

باغ سے باغیچہ

کتاب سے کتابچہ

(مژہ اور نایژہ دراصل مویچہ و نایچہ تھے جن کی "چ" "ژ" میں تبدیل ہو گئی ہے)۔

۲۔ اسم کے آخر میں "ک" لگانے سے، جیسے :

مرد سے مردک

دفتر سے دفترک

طفل سے طفلک

پسر سے پسرک

نکتہ

(الف) فارسی زبان میں "ک" اسم تصغیر کے علاوہ چند اور صورتوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اظہارِ محبت کے لئے استعمال ہونے پر "ک تعجب" کہلاتا ہے، جیسے : طفلک، حیوانک وغیرہ

(ب) توہین اور ڈانٹ کے لئے استعمال ہو تو اسے "ک تحقیر" کہتے ہیں اور اس کے آخر میں " ہ " کا اضافہ کر دیتے ہیں، جیسے :

مردک، زنک، یا مردکہ، زنکہ

(ج) عامیانہ صورت میں مردکہ کی بجائے "مرتیکہ" اور زنکہ کی بجائے "زنیکہ" بھی کہتے ہیں۔

اسم کے آخر میں "و" لگانے سے، جیسے :

یار سے یارو

مرد سے مردو

نکتہ

جیساکہ پہلے بیان ہو چکا ہے ایران کے علاقائی (شیرازی او

جھری) لہجوں میں اسم کے آخر میں " و " اسم معرفہ کی نشانی سمجھی جاتی ہے .

اسم جامد

وہ اسم جو نہ خود کسی لفظ سے بنے اور نہ اس سے کوئی دوسرا لفظ بنے اسم جامد کہلاتا ہے ۔ جیسے : چیز ، کوہ ، قلم وغیرہ .

اسم مشتق

وہ اسم جس کے بنانے میں دوسرے کلمہ سے مدد لی جائے (جو قاعدہ کے مطابق مصدر سے بنایا جائے) اسم مشتق کہلاتا ہے ، جیسے :

نالیدن سے نالہ

دیدن سے دیدہ

دمیدن سے دمیدہ

اسم مشتق کی دو قسمیں ہیں : اسم مصدر اور اسم آلت

الف ۔ اسم مصدر

ایسا مصدر جو مصدری علامت (دن ، تن) نہ رکھتا ہو لیکن مصدر کے معنی دیتا ہو ، اسے اسم مصدر کہتے ہیں ۔ یہ حاصل مصدر بھی کہلاتا ہے ،

فارسی زبان میں اسم مصدر کی مندرجہ ذیل نشانیاں ہیں :

ا ۔ ش : یہ اکثر فعل امر کے آخر میں آتی ہے ، جیسے :

کوش سے کوشش

آموز سے آموزش

پرور سے پرورش

کش سے کشش

۲= ی: یہ اسم کی مختلف اقسام صفت، عدد، قید اور ضمیر کے آخر میں لگائی جاتی ہے، جیسے:

مرد سے مردی

نیک سے نیکی

عشقباز سے عشقبازی

زیبا سے زیبائی

فراوان سے فراوانی

۳= ہ : یہ فعل امر کے آخر میں آتی ہے، جیسے:

خند سے خندہ

اندیش سے اندیشہ وغیرہ

۴= ار: یہ گزرے ہوئے سادہ فعل (فعل ماضی) کے ساتھ لگتی ہے، جیسے: گفت سے گفتار

کرد سے کردار

رفت سے رفتار

ب۔ اسم آلت (ابزار) یا اسم آلہ

وہ اسم جس میں آلت یعنی اوزار کے معنی پائے جائیں یا وہ کسی

ایسی چیز کا نام ہو جس کے ذریعے سے کوئی کام انجام دیا جائے اور یہ فعل امر کے آخر میں "ہائے غیر ملفوظ" (ہ) بڑھانے سے بنتا ہے، جیسے:
مالہ (مال + ہ)، زندہ، گیرہ، دستگیرہ وغیرہ۔

اسم موصول

وہ اسم ہے کہ جب تک اس کے ساتھ ایک اور جملہ جس کو "صلہ" کہتے ہیں، نہ لگایا جائے تب تک اس کے معنی سمجھ میں نہیں آتے، جیسے:
ہر کہ آمد عمارت نو ساخت
اس میں ہر کہ "اسم موصول" اور آمد "صلہ" ہے اور اس کی تین اقسام ہیں:

(۱) ہر کہ، ہر آنکہ، کسیکہ (واحد۔ انسان کے لئے)
(۲) آنانکہ، کسانیکہ (جمع۔ انسان کے لئے)
(۳) ہر چہ، ہر آنچہ، چیزیکہ (بے جان چیزوں کے لئے)

علاوہ ازیں جس اسم کو اسم موصول بنانا ہو اس کے بعد "ی" اور "کہ" کا اضافہ (صلہ لگا دو) کر دو، جیسے:
کتاب سے کتابی کہ خریدم
زن سے زنیکہ کہ دیدم

اسم بدل یا اسم علم

ایسا اسم جو کسی دوسرے اسم کے ساتھ مل کر اس کی خصوصیت ظاہر

کرے، جیسے:

[illegible] قائد اعظم محمد علی جناحؒ، حکیم الامت
ڈاکٹر سر محمد اقبال [illegible] اشرف علی
تھانویؒ وغیرہ۔

[illegible]

تخلص: [illegible] اپنے نام کے ساتھ لگا لیتے ہیں، جیسے:
مصلح الدین سعدیؒ۔ جلال الدین رومیؒ۔ مرزا اسد اللہ خان غالبؔ۔
میر تقی میرؔ۔ شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ وغیرہ

خطاب: وہ اسم جو سرکاری طور پر کسی شخصیت کو دیا جائے،
جیسے: شمس العلماء ڈپٹی نذیر احمد، سر سید احمد خان، سر فضل حسین
سر سکندر حیات، شمس العلماء مولوی محمد حسین آزاد۔

کنیت: وہ اسم جو بیٹے، باپ یا ماں کی نسبت سے بولا جائے،
جیسے: ابوالقاسمؐ، ابوبکرؓ، ام رومانؓ، ابوالحسنؓ، ابوعبداللہؓ وغیرہ۔

لقب: وہ نام جو کسی خاص صفت یا خوبی کی بنا پر عام لوگوں کی طرف
سے کسی شخصیت کے لئے مشہور ہو جائے۔ جیسے:
قائد اعظمؒ، شکر گنجؒ، خواجہ غریب نوازؒ، خواجہ گیسو درازؒ، داتا گنج بخشؒ۔

عرف: وہ اسم جو پیار یا نفرت یا کسی اور وجہ سے مشہور ہو جائے یا کسی
نام کی بگڑی ہوئی صورت ہو۔ جیسے:

نازنین سے نازی
فرخندہ سے فری
شاہد سے شاہی

باب چہارم

واحد ـ جمع

اسم واحد: جو اسم ایک آدمی یا حیوان یا چیز کا نام ظاہر کرے اسے اسم واحد یا اسم مفرد کہتے ہیں۔ جیسے: مرد، شیر، درخت، صندلی وغیرہ۔

اسم جمع: جب اسم میں ایک سے زیادہ آدمیوں یا جانوروں یا بے جان چیزوں کے ناموں کا مفہوم پایا جائے تو وہ اسم جمع کہلاتا ہے، جیسے:

مرد سے مردمان

شیر سے شیران

درخت سے درخت ھا

صندلی سے صندلی ھا

فارسی زبان میں عربی کی طرح صیغہ تثنیہ اور مذکر، مؤنث کا وجود نہیں ہوتا۔

واحد سے جمع بنانے کے طریقے: اسم مفرد کو اسم جمع بنانے کے دو طریقے ہیں:

ا۔ اسم مفرد کے آخر میں "ان" کا اضافہ کر دیا جاتا ہے، جیسے:

درخت سے درختان

'ان' اور 'ھا'

عموماً فارسی زبان میں "ان" اور "ھا" کو جمع کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ کیونکہ فارسی زبان میں اکثر عربی کلمات شامل نہیں لہٰذا کبھی مذکورہ اصول کے علاوہ بھی جمع بنائی جاتی ہے۔ "ان" اور "ھا" کے اضافہ سے الفاظ کی جمع بناتے وقت حتمی طور پر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ کن الفاظ کے آخر میں "ان" اور کن کے آخر میں "ھا" لگایا جائے۔ یہ بات مسلّم ہے کہ بعض کلمے ایسے ہیں جو دونوں کلمات کے اضافے سے جمع بن جاتے ہیں، جیسے:

درخت سے درختان اور درختہا

ابرو سے ابروان اور ابروہا

چشم سے چشمان اور چشمہا

بعض حروف "ھا" سے جمع بنتے ہیں، جیسے:

پا سے پاھا

سر سے سرھا

اگر "پا" اور "سر" کی جمع کے لئے "ان" والا کلیہ اپنایا جائے تو ان کے معنی اور بن جائیں گے، جیسے:

پا (بمعنی پاؤں) سے پایان۔ (بمعنی آخر، انجام)
سر (جسم کا حصہ) سے سران (بمعنی بزرگان)

بعض دانشوروں نے کلمہ اور اسماء کی جمع بنانے کا ایک طریقہ وضع کیا ہے لیکن کبھی کبھی یہ اصول غلط بھی ہو جاتا ہے۔ کہا گیا ہے کہ بدن کے وہ اسماء جو جوڑا ہیں ان کی جمع بنانے کے لئے دونوں صورتیں درست ہیں اور جو فرد ہیں ان کے آخر میں صرف "ھا" لگا کر نہیں جمع بنایا جا سکتا ہے۔ جیسے:

لب سے لبان اور لبھا
چشم سے چشمان اور چشمھا

لیکن "پا" بدن کے جوڑے میں شامل ہے لیکن اس کی جمع مذکورہ طریقے سے نہیں بن سکتی لہذا کہا جا سکتا ہے کہ اس طریقے کو اصول کلی نہیں کہا جا سکتا۔ لیکن بعض نے رخ (چہرہ) کو فرد سمجھتے ہوئے بھی مذکورہ طریقے کے خلاف اس کی جمع بنائی ہے۔ جیسے: رخ سے رخان۔

۲۔ جاندار اسماء کی جمع "ان" اور "ھا" کے اضافے سے بنائی جاتی ہے۔ جیسے:

مرغ سے مرغان اور مرغھا
شیر سے شیران اور شیرھا
دختر سے دختران اور دخترھا

بے جان اسم کے بعد "ھا" کا اضافہ کر کے جمع بنائی جاتی ہے۔ جیسے:

سنگ سے سنگ ھا

کتاب سے کتاب ھا

رنج سے رنج ھا

شادی سے شادی ھا

کچھ دانشور بعض حالتوں میں اس کے برعکس "ان" اور "ھا" دونوں میں سے کوئی ایک طریقہ اپنا کر بے جان چیزوں کی جمع بناتے ہیں، جیسے:

سخن سے سخنان اور سخنہا

گناہ سے گناہان اور گناہھا

غم سے غمان اور غمہا

سوگند سے سوگندان اور سوگندھا

پودوں کے اسماء کی جمع دونوں طرح بنائی جاسکتی ہے، جیسے:

درخت سے درختان اور درخت ھا

نہال سے نہالان اور نہال ھا

لیکن ان کے اجزاء مثلاً شاخ، برگ (پتہ) ساقہ (تنا) اور ریشہ (کھال) وغیرہ کی جمع صرف "ھا" کے اضافے سے بنتی ہے، جیسے:

شاخہ سے شاخہ ھا

ریشہ سے ریشہ ھا

ساقہ سے ساقہ ھا

جو اسماء وقت و زمان سے تعلق رکھتے ہوں ان کے آخر میں "ھا" کا اضافہ کر

کے جمع بناتے ہیں، جیسے:

عہد سے عہدھا

ہفتہ سے ہفتہ‌ھا

ساعت سے ساعتھا

صبح سے صبح‌ھا

ماہ سے ماہ‌ھا

شب سے شبھا

ان کے باوجود ان میں سے بعض کے ساتھ "ان" اور "ھا" دونوں میں سے کسی ایک کا اضافہ کر دیتے ہیں، جیسے:

روزگار سے روزگاران اور روزگارھا

شب سے شبان اور شب‌ھا

روز سے روزان اور روزھا

فارسی زبان میں اسم جمع کے آخر میں "ان" اور "ھا" کا اضافہ کیا جاتا ہے لیکن اس کے باوجود بعض اسماء کے ساتھ عربی زبان کی مانند کلمات دیکھے جاتے ہیں جو اسم کے بعد "ات" (علامت جمع مؤنث) کے اضافے سے بنتے ہیں، جیسے:

باغ سے باغات

دہ سے دھات

کارخانہ سے کارخانجات

میوہ سے میوہ جات

غائب سے غائبین

مہندس سے مہندسین

روحانی سے روحانیون

طبعی سے طبعیون

<u>نکات</u>۔ جن مفرد کلمات کے آخر میں "ہ" ہو ان کی جمع بناتے وقت پہلے "ہ" کو "گ" میں تبدیل کرتے ہیں اور پھر "ان" کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ جیسے:

تشنہ سے تشنگان

خستہ سے خستگان

کوفتہ سے کوفتگان

گرسنہ سے گرسنگان

۲۔ بینا، دانا، پارسا، گدا، قسم کے کلمات جن کے آخر میں "الف" آتا ہے کی جمع بناتے وقت اگر "ان" کا اضافہ کرنا ہو تو "ان" سے پہلے "ی" کا اضافہ کرتے ہیں۔ جیسے:

بینا + ی + ان = بینایان

دانا + ی + ان دانایان

پارسا + ی + ان پارسایان

گدا + ی + ان گدایان

۳۔ فارسی زبان میں جب بھی صفت موصوف کے ساتھ آئے تو وہ واحد صورت میں لکھی جاتی ہے لیکن جب اپنے موصوف کے طور پر استعمال ہو

اور اس کا موصوف جمع ہو تو وہ بھی جمع استعمال ہوتی ہے، جیسے:
و ملک از "خردمندان" جمال گیرد و دین از "پرہیزگاران" کمال یابد،
(اور بادشاہ عقلمندوں سے جمال پاتا ہے اور دین پرہیزگاروں سے
کمال حاصل کرتا ہے)۔

اسم جمع: اگر اسم مفرد (واحد) صورت میں لکھا جائے لیکن وہ
جمع کے معنی دے تو اسے اسم جمع کہتے ہیں، جیسے:
لشکر، خانوادہ، گروہ، طایفہ، سپاہ وغیرہ۔

اسم جمع اگرچہ ایک سے زیادہ ناموں کے معنی دیتا ہے لیکن
اس کی جمع اسم مفرد (واحد) کی طرح بناتے ہیں، جیسے:

لشکر سے لشکرھا
خانوادہ سے خانوادہ‌ھا
گروہ سے گروہ‌ھا
طایفہ سے طایفہ‌ھا
سپاہ سے سپاہ‌ھا

باب پنجم

مذکّر۔ مؤنّث

جو اسم "نر" کے لئے بولا جائے اسے "مذکّر" اور جو "مادہ" کے لئے بولا جائے اسے "مؤنّث" کہا جاتا ہے۔ جیسے :

مذکر	مؤنّث
مرد	زن
طفل	دختر

فارسی میں جن اسموں کے مذکّر اور مؤنث جدا جدا نہیں ہیں ان کے مذکّر کی صورت میں لفظ "نر" اور مؤنث کی صورت میں لفظ "مادہ" لگاتے ہیں جیسے :

"بُزِ نَر (بکرا)

بُزِ مادہ (بکری)

فارسی میں مستعمل عربی الفاظ کے مذکّر کے بعد "ہ" کا اضافہ کر کے مؤنث بنائی جاتی ہے۔ جیسے : خادِم سے خادمہ

باب ششم

مرکب اضافی

کبھی دو اسموں میں ایک معمولی سا تعلّق ہوتا ہے، ایسے تعلّق کو "اضافت" اور جس اسم کا تعلّق ہو اسے "مضاف" اور جس اسم سے تعلّق ہو اسے "مضاف الیہ" کہتے ہیں اور جو "مضاف" اور "مضاف الیہ" سے مرکب ہو اسے "مرکبِ اضافی" کہتے ہیں، جیسے ؛

میزِ اسلم (اسلم کی میز)

"ز" کے نیچے آنے والی "زیر" "اضافت" ہے.

میز "مضاف" ہے.

اسلم "مضاف الیہ" ہے.

طریقہ :

(الف) اُردو میں "مضاف الیہ" پہلے اور "مضاف" بعد میں آتا ہے، لیکن فارسی میں "مضاف" پہلے اور "مضاف الیہ" بعد میں آتا ہے اور مضاف کے نیچے زیر دیتے ہیں، جیسے :

میزِ اسلم (اسلم کی میز)

(ب) اگر "مضاف" کے آخر "الف" یا "واو" آئے تو اس کے بعد "ی" کا اضافہ کر کے اس کے نیچے زیر لگاتے ہیں، جیسے :

پا سے پای اسلم (اسلم کا پاؤں) اور مو سے موی اسلم (اسلم کا بال).

(ج) مضاف کے آخر میں "ہ" آئے تو اس پر "ء" لگاتے ہیں، جیسے: بندۂ خدا (خدا کا بندہ).

(د) کبھی "را" "بر" "از" زیر کی جگہ استعمال کرتے ہیں لیکن اس صورت میں مضاف الیہ پہلے لاتے ہیں، جیسے:

اسلم را کتابی است

(اسلم کے پاس ایک کتاب ہے).

حروفِ اضافت

تعریف: حروفِ اضافت وہ کلمہ ہے جو اسم یا ضمیر یا عبارت سے پہلے آتا ہے اور اسے فعل یا مفعول کے ذریعے پورا کرتا ہے اور اگر یہ درمیان میں نہ آئے تو کلمے کا مطلب نامکمل رہتا ہے.

حروفِ اضافت کی دو قسمیں ہیں۔

۱۔ حروفِ اضافت سادہ (بسیط).

۲۔ حروفِ اضافت مرکب.

حروفِ اضافت سادہ (بسیط) یہ ہیں (انہیں حروفِ اضافت مفرد بھی کہتے ہیں):

بہ، با، از، در پی، برای، چون، اندر، زیر وغیرہ.

حروفِ اضافتِ مرکب یہ ہیں:

دربارۂ، ازبرای، از جہت، از بہر وغیرہ.

بابِ ہفتم

مترادف

ایسے دو کلمات جو لکھنے میں مختلف مگر معنی کے لحاظ سے ایک ہوں مترادف کہلاتے ہیں، جیسے :

بزم و محفل
آغاز و ابتدا
انجام و اختتام
نیک و خوب

متضاد

ایسے دو کلمات جو لکھنے میں مختلف ہوں اور ان کے معنی ایک دوسرے کے الٹ یا ایک دوسرے کی ضد ہوں، متضاد کہلاتے ہیں، جیسے :

آتش و آب

اصل و نقل

نیک و بد

سرد و گرم

درونی و بیرونی

متشابہ

ایسے دو کلمات جو آواز یا املا کے لحاظ سے ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہوں لیکن ان کے معانی الگ الگ ہوں، جیسے:

نکتہ (باریکی) و نقطہ (نقطہ جو حرف پر لگایا جاتا ہے)

اصل (جڑ۔ بنیاد) و عسل (شہد)

بار (مرتبہ، دفعہ) و بار (بوجھ)

مکرّر (دوبارہ) و مقرّر (جس کی تقرری ہو چکی ہو)

باب ہشتم

اسم ضمیر

اسم ضمیر وہ کلمہ ہے جو اسم کی جگہ استعمال ہوتا ہے تاکہ اسم کو تکرار کے طور پہ استعمال نہ کیا جائے۔ جیسے:

احمد در ادارہ کار می کند او مردی زرنگ ست

(احمد دفتر میں کام کرتا ہے وہ ایک ذہین آدمی ہے)

جیسا کہ آپ نے پڑھا اس عبارت میں "او" اسم کی جگہ استعمال ہوا ہے تاکہ احمد کا تکرار نہ ہو۔ "او" اور ایسے ہی دوسرے کلمات کو ضمیر کہا جاتا ہے۔ جس اسم کی جگہ ضمیر استعمال ہو اسے "مرجعِ ضمیر" کہتے ہیں۔ اوپر کی مثال میں احمد "او" کا "مرجع ضمیر" ہے

"مرجع ضمیر" اکثر "ضمیر" سے پہلے آتا ہے۔ "مرجع ضمیر" واضح ہونا چاہیئے تاکہ کسی قسم کی غلطی نہ ہو۔

پرویز و نبیلہ را در خیابان دیدم و از و گلہ کردم

(میں پرویز اور نبیلہ سے سڑک پر ملا۔ اس سے گلہ کیا)

اس فقرے میں "او" کی ضمیر سے صحیح معلوم نہیں ہوتا کہ وہ پرویز سے متعلق ہے یا نبیلہ کی طرف ہے۔

لیکن اس جملے میں: "اکبر بازار می رفت کہ او را حادثہ پیش آمد" (اکبر بازار جا رہا تھا کہ اسے حادثہ پیش آگیا) میں "او" کی ضمیر اکبر کی طرف واضح ہے۔

ضمیر کی تین قسمیں ہیں:

(۱) ضمیر شخصی (۲) ضمیر اشارہ (۳) ضمیر مشترک

۱۔ **ضمیر شخصی:**

ضمیر شخصی وہ ہے جو کہنے والے یا سننے والے یا اس آدمی پر دلالت کرے جس کے بارے میں بات ہو رہی ہو۔ بات کرنے والے یا متکلم کو اوّل شخص، سننے والے یا مخاطب کو شخص دوم اور جس آدمی کے بارے میں بات ہو رہی ہے اور وہ موجود نہیں ہے اسے واحد غائب یا شخص سوم کہتے ہیں یہ اشخاص کبھی واحد (مفرد) اور کبھی جمع ہوتے ہیں۔

ضمیر شخصی کی دو اقسام ہیں، ایک منفصل (گسستہ) اور دوسری متصل (پیوستہ)

ضمیر شخصی جب اکیلا آئے اور اپنے سے پہلے فقرے سے نہ جڑے تو اسے ضمیر منفصل یا گسستہ کہتے ہیں۔ نیچے دی ہوئی جدول میں منفصل ضمیر مشخص کئے گئے ہیں:

مفرد	جمع
اوّل شخص : من	ما
دوم شخص : تو	شما
سوم شخص : او	ایشان

جب ضمیر شخصی اکیلا نہ آئے اور اپنے سے پہلے کلمے کے ساتھ مل کر آئے اسے ضمیر متصل کہتے ہیں۔ اس کی بھی دو اقسام ہیں :

(۱) ضمیر متصل : جو حرف فعل سے متصل ہوتا ہے۔ اور فاعل کی صورت میں وہی فعل بن جاتا ہے، جسے ضمیر متصل فاعل کہتے ہیں اس کی مندرجہ ذیل صورتیں ہیں :

م ، ی ، د (مفرد)۔ می خوانم ، می نویسی ، می گوید
یم ، ید ، ند (جمع)۔ می خوانیم ، می نویسد ، می گویند

(۲) دوسری قسم کا وہ ضمیر متصل ہے جو اسم اور فاعل دونوں سے متصل ہوتا ہے اور حالت مفعولی اور حالت اضافہ کو ظاہر کرتا ہے اس کی مندرجہ ذیل صورتیں ہیں :

م ، ت ، ش ، (مفرد) جیسے : می زندم ، می گویدت ، میدہدش
مان ، تان ، شان (جمع) جیسے : میزندمان ، می گویدتان ، میدہدشان۔

<u>بنانے کا طریقہ</u> : جس اسم کے آخر میں ضمیر متصل لگانا ہو اگر اس کے آخر میں " ہ " آرہی ہو تو اسم کے بعد " الف " اور پھر ضمیر متصل لگا دیں ، جیسے :

سینہ سے سینہ + ا + م = سینہ ام
خانہ سے خانہ + ا + ش = خانہ اش
دیدہ سے دیدہ + ا + م = دیدہ ام
گریہ سے گریہ + ا + ش = گریہ اش

۲۔ جن کلمات کے آخر میں "الف" یا "واو" آرہا ہو ضمیر متصل مفر بناتے وقت اسم کے بعد "ی" اور ضمیر متصل لگا دیں، جیسے:

خدا سے خدایم
رو سے رویت
مو سے مویش

نکات:

(۱) کبھی ضمیر منفصل حالتِ فاعلی میں بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے:
او را تو بہ دہ درم خریدی (تو نے اسے دس درم میں خریدا)
(۲) اور کبھی ضمیر منفصل حالت مفعولی میں استعمال ہوتا ہے،
جیسے:
مرا پیشِ طبیب بردی (تو مجھے حکیم کے پاس لے گیا)

۲۔ ضمیر اشارہ

"این" اور "آن" کو ضمیر اشارہ کہتے ہیں کیونکہ ان دو کلمات کے ذریعے کسی آدمی یا چیز کو ظاہر کیا جاتا ہے، جیسے:
این دلق درویش است (یہ درویش کی گودڑی ہے)
آن قلم اکرم است (وہ اکرم کا قلم ہے)

اکثر "این" قریب کے اشارے میں اور "آن" دُور کے اشارے میں استعمال ہوتا ہے ان کی جمع کی صورتیں یہ ہیں :

این سے اینان یا اینها
آن سے آنان یا آنها

جب ضمیر واحد غائب (شخص سوم مفرد) کے لئے استعمال ہو اور انسان کی جگہ استعمال ہو تو ضمیر "او" لگاتے ہیں اور غیر انسان کے لئے "آن" استعمال کرتے ہیں ، جیسے :

۱۔ من اکرم را دیدم ولی او مرا ندید
(میں نے اکرم کو دیکھا لیکن اس نے مجھے نہ دیکھا)۔

۲۔ کتاب را دیدم و آن را خریدم
(میں نے کتاب دیکھی اور اسے خرید لیا)۔

قدیم ادبا و شعرا نے غیر انسان کے لئے بھی "او" ضمیر استعمال کیا ہے ، جیسے :

اندرون از طعام خالی دار
تا در او نور معرفت بینی (سعدی)

۳۔ ضمیر مشترک :

خود ، خویش ، خویشتن ۔ شخص اوّل ، شخص دوم اور شخص سوم کے ساتھ ایک ہی شکل میں استعمال ہوتے ہیں لہٰذا ضمیر مشترک کہلاتے ہیں ، جیسے :

من خود آمدم (میں خود آیا)

تو خود آمدی (تو خود آیا)

او خود آمد (وہ خود آیا)

ما خود آمدیم (ہم خود آئے)

شما خود آمدید (تم خود آئے)

ایشان خود آمدند (وہ خود آئے)

ضمیرِ مشترک فاعل کی صورت میں بھی استعمال ہوتے ہیں، جیسے:

من خود بچشم خویشتن دیدم کہ جانم میرود

(میں نے خود اپنی آنکھ سے دیکھا کہ میری جان نکل رہی ہے)

مفعول کی صورت میں بھی استعمال ہوتے ہیں، جیسے:

۱۔ گفت آسان گیر بر خود کارہا کز روی طبع

سخت میگردد جہان بر مردمان سخت کوش

۲۔ من خود را گم کردہ ام

اسمِ اشارہ

اگر "این" اور "آن" کے ساتھ اسم لایا جائے تو اسے "اسمِ اشارہ" کہتے ہیں۔ لیکن اگر وہ صرف اسم کی جگہ استعمال ہو تو "ضمیرِ اشارہ" کہلاتا ہے۔ جیسے:

این پسر از آن دختر قوی تر است

(یہ لڑکا اس لڑکی سے زیادہ طاقتور ہے)

یہاں "این" و "آن" اسم کے ساتھ مذکور ہیں لہٰذا "اسم اشارہ" ہیں لیکن:

فریدہ و سعیدہ ہر دو خواہرند امّا این از آن باہوشتر ست
(فریدہ اور سعیدہ دونوں بہنیں ہیں لیکن یہ اس سے زیادہ ذہین ہے)۔

اس فقرے میں "این" اور "آن" فریدہ اور سعیدہ کی جگہ استعمال ہوا ہے لہٰذا "ضمیر اشارہ" کہلاتا ہے۔

جب اسم اشارہ کا مرجع معین نہ ہو تو اسے مبہمات کہتے ہیں، جیسے:
راز خود را بہ این و آن نگو (اپنے راز کو اس اور اس سے مت کہہ)

کبھی اسم سے پہلے "ام" لگا کر "اسم اشارہ" کے معنی نکالے جاتے ہیں، جیسے:

روز سے امروز
شب سے امشب
سال سے امسال

کبھی ضمیر شخصی کے ساتھ "ان" کا اضافہ کر کے ملکیت کے معنی نکالے جاتے ہیں، جیسے:

از صحن خانہ تا بہ لب بام از آنِ من
از بام خانہ تا بہ ثریا از آنِ تو (وحشی بافقی)

ہمین، همان، چنین، چنان، چندین، چندان، "این" و "آن" اور اس طرح کے دوسرے کلمات "این" و "آن" کی ہی ترکیبیں ہیں۔

متکلم۔ مخاطب۔ غائب

فارسی میں چھ اسم ضمیر (فاعل) ہوتے ہیں:

۱۔ واحد متکلم:

بات کرنے والا یا متکلم، اسے "شخص اوّل مفرد" بھی کہتے ہیں،
جیسے: من

واحد مخاطب:

وہ آدمی جس سے بات کی جائے مخاطب کہلاتا ہے اسے "شخص دوم مفرد" بھی کہتے ہیں، جیسے: تو

واحد غائب:

جس شخص کے متعلق بات کی جائے لیکن وہ خود حاضر نہ ہو اسے واحد غائب کہتے ہیں، اور یہ "سوم شخص مفرد" بھی کہلاتا ہے، جیسے: او
اور مذکورہ تین فاعل جب ایک سے زیادہ ہوں تو جمع کہلاتے ہیں کبھی:

شخص اوّل مفرد سے جمع:

من سے ما (جمع متکلّم)
تو سے شما (جمع مخاطب)
او سے ایشان، آنہا (جمع غائب)

جدول زیر سے ان اشخاص کو سمجھنے میں آسانی ہوگی:

مفرد	جمع
واحد متکلّم : من (اوّل شخص)	جمع متکلّم : ما (اوّل شخص)
واحد حاضر : تو (دوم شخص)	جمع حاضر: شما (دوم شخص)
واحد غائب : او (سوم شخص)	جمع غائب : ایشان آنہا (سوم شخص)

بابِ نہم

فعل

فعل وہ کلمہ ہے جس سے کام کا کرنا، ہونا، سہنا کسی زمانے میں پایا جائے، زمانے صرف تین ہیں: گزرے ہوئے کو ماضی۔ جو گزر رہا ہے اسے حال اور جو آنے والا ہے اسے مستقبل کہتے ہیں، جیسے:

ماضی: ناہید درس خواند (ناہید نے سبق پڑھا)

حال: اکرم مدرسہ می رود (اکرم مدرسہ جاتا ہے)

مستقبل: انور بیمارستان خواہد رفت (انور ہسپتال جائے گا)

فاعل: کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں اوپر کے فقروں میں "ناہید" "اکرم" اور "انور" فاعل ہیں۔

مفعول: جس پر کام واقع ہوا ہو اسے مفعول کہتے ہیں۔ اوپر کے فقروں میں "درس"، "مدرسہ" اور "بیمارستان" مفعول ہیں۔

ترتیب: فارسی میں پہلے "فاعل" پھر "مفعول" اور آخر میں "فعل" آتا ہے جیسے: فاعل: ناہید مفعول: درس فعل: [illegible]

باب دہم

مصدر اور اسکی اقسام

مصدر کی تعریف

مصدر وہ کلمہ ہے جو زمانے کی قید کے بغیر کسی کام کے کرنے یا ہونے کی خبر دے۔ جیسے:

کردن، شدن وغیرہ۔ فارسی زبان میں اس کی علامت "دن" "تن" وغیرہ ہے اور اگر اس کے آخر سے "دن" دور کر دیا جائے تو یہ فعل ماضی بن جاتا ہے۔ جیسے:

"کردن" اور "شدن" کے آخر سے "ن" ہٹایا جائے تو "کرد" اور "شد" فعل ماضی کا صیغہ واحد غائب (شخص سوم مفرد) بن جاتا ہے۔

مصدر کی اقسام

مصدر کی چار قسمیں ہیں:

۱۔ مصدر اصلی یا وضعی ۲۔ مصدر جعلی یا غیر وضعی ۳۔ مصدر بسیط (مفرد) ۴۔ مصدر مرکب۔

۱۔ مصدر اصلی یا وضعی

مصدر اصلی وہ مصدر ہے جو اصل میں اور شروع سے ہی مصدر تھا (یعنی وہ مصدر جو خاص مصدری معنوں کے لئے ہی وضع کیا گیا ہو) جیسے: رفتن۔ دیدن وغیرہ۔

۲۔ مصدر جعلی یا غیر وضعی

مصدر جعلی اور بناوٹی وہ مصدر ہے جو شروع میں مصدر نہ تھا بلکہ کسی عربی یا فارسی کلمہ کے آخر میں "یدن" کا اضافہ کرنے سے مصدر بنا ہے (یعنی ایسا مصدر جو دوسری زبانوں کے مصدر یا اسم پر مصدر کی علامت بڑھا کر بنایا جائے)، جیسے:

فہم سے فہمیدن

جنگ سے جنگیدن

ناز سے نازیدن

رقص سے رقصیدن وغیرہ

۳۔ مصدر بسیط یا سادہ

مصدر بسیط یا سادہ وہ مصدر ہے جو ایک کام اور ایک جزء

سے بنا ہو، جیسے :
خواستن ، آمدن ، گفتن وغیرہ ۔

۴۔مصدر مرکب

مصدر مرکب وہ مصدر ہے جو ایک سے زیادہ کلمات اور اجزاء سے مل کر بنے، جیسے : دوست داشتن ، سخن گفتن ، گوش کردن وغیرہ

مصدر مرخم

جس مصدر کے آخر سے "ن" دور کر دی جائے اسے "مصدر مرخم" یا "مصدر مخفف" کہتے ہیں، جیسے :

گفتن سے گفت
شنیدن سے شنید
آمدن سے آمد ۔ وغیرہ

نکتہ

عربی زبان میں کسی کلمہ کے آخر میں "یت" کا اضافہ کر کے مصدر بناتے ہیں اور اسے "مصدر صناعی" کہا جاتا ہے فارسی میں اس کو "مصدر جعلی" یا "بناوٹی مصدر" کہتے ہیں، جیسے :

تبع سے تبعیّت
انسان سے انسانیّت

حر ـــ حریت

محبوب ـــ محبوبیت

آدم ـــ آدمیت ۔ وغیرہ

فارسی والے بھی اس طریقے کی پیروی کرتے ہوئے "خیریت"، دوئیت، جیسے کلمات کو مصدر کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

باب یازدہم

زمانے کے لحاظ سے فعل کی اقسام

زمانے کے لحاظ سے فعل کی تین قسمیں ہیں:

۱۔ فعل ماضی (ماضی گذشتہ)۔

۲۔ حال (مضارع)

۳۔ مستقبل (آیندہ)

فعل ماضی اور اسکی اقسام

فعل ماضی (ماضی گذشتہ) وہ ہے جو کسی کام کے کرنے یا ہونے کی حالت کو گزرے ہوئے زمانے میں بیان کرے، جیسے:

سعد کتاب خرید (سعد نے کتاب خریدی)

صدیق آب نوشید (صدیق نے پانی پیا)

فعل ماضی (ماضی گذشتہ) کی مندرجہ ذیل اقسام ہیں:

(۱) ماضی مطلق (سادہ)
(۲) ماضی استمراری
(۳) ماضی نقلی یا قریب
(۴) ماضی بعید
(۵) ماضی التزامی یا شکیہ
(۶) ماضی شرطی / تمنائی

۱۔ ماضی مطلق (سادہ)

ماضی مطلق وہ ماضی ہے جو کسی کام کے کرنے یا ہونے کی حالت مطلق گزرے ہوئے زمانے میں بیان کرے خواہ وہ کام زمانۂ حال سے زیادہ اور خواہ کم فاصلہ رکھتا ہو یعنی اس میں زمانے کے قریب اور بعید کی قید نہ ہو، جیسے : اعظم مدرسہ رفت (اعظم مدرسہ گیا).

بنانے کا طریقہ: مصدر کے آخر سے "ن" ہٹا دیا جائے تو ماضی مطلق کا صیغہ مفرد (واحد غائب) بن جاتا ہے، جیسے :
گفتن سے گفت ماضی مطلق ہے.

گردان

مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
گفتن	گفت	گفتند	گفتی	گفتید	گفتم	گفتیم
کہنا	اس نے کہا	انہوں نے کہا	تو نے کہا	تم نے کہا	میں نے کہا	ہم نے کہا

۲۔ ماضی استمراری یا ماضی ناتمام : وہ ماضی ہے جس سے یہ سمجھ آئے کہ کوئی کام گذشتہ زمانے میں مسلسل ہوتا رہا ہے یعنی وہ ماضی جس میں کام کا ہمیشہ جاری رہنا پایا جائے، جیسے :

عامر می خورد (عامر کھاتا تھا)۔ صفدر ورزش می کرد (صفدر ورزش کرتا تھا)

بنانے کا طریقہ : ماضی مطلق کے پہلے می یا ہمی لگایا جائے تو وہ ماضی استمراری کا صیغہ واحد غائب بن جاتا ہے، جیسے : "گفتن" سے "گفت" ماضی مطلق اور "می گفت" ماضی استمراری ہے۔

گردان

جمع متکلم	واحد متکلم	جمع حاضر	واحد حاضر	جمع غائب	واحد غائب	مصدر
می گفتیم	می گفتم	می گفتید	می گفتی	می گفتند	می گفت	گفتن
ہم کہتے تھے	میں کہتا تھا	تم کہتے تھے	تو کہتا تھا	وہ کہتے تھے	وہ کہتا تھا	کہنا

۳۔ ماضی قریب یا نقلی : وہ ماضی ہے جو کسی کام کے کرنے یا ہونے کی حالت کو قریب کے گزرے ہوئے زمانے میں بیان کرے لیکن اس کے اثرات یا نتیجہ تا حال باقی ہو یا دوسرے الفاظ میں وہ ماضی ہے جس میں قریب کا گزرا ہوا زمانہ پایا جائے۔ جیسے :

احمد رفتہ است (احمد گیا ہے)۔

اگر کسی ایسے کام کے کرنے یا ہونے کی حالت کو نقل کرے جو کاملاً گزرے ہوئے زمانے میں واضح ہوا ہو تو اسے ماضی نقلی کہتے ہیں۔ جیسے :

من در سرگودھا متولد شدہ ام (میں سرگودھا میں پیدا ہوا ہوں)۔
بنانے کا طریقہ: ماضی مطلق کے بعد "ہ است" لگانے سے ماضی قریب یا نقلی بن جاتی ہے، جیسے: گفتن مصدر سے "گفت" ماضی مطلق اور "گفتہ است" ماضی قریب ہے۔ گردان میں "گفتہ" کے بعد ام، ای، است، ایم، اید، اند کا اضافہ کیا جاتا ہے جو ہستم، ہستی، ہست، ہستیم، ہستید، ہستند کا مخفف ہے۔

گردان

مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
گفتن	گفتہ است	گفتہ اند	گفتہ ای	گفتہ اید	گفتہ ام	گفتہ ایم
کہنا	اس نے کہا ہے	انہوں نے کہا ہے	تو نے کہا ہے	تم نے کہا ہے	میں نے کہا ہے	ہم نے کہا ہے

۴۔ ماضی بعید: وہ ماضی ہے جس میں کسی کام کے کرنے یا ہونے کی حالت زیادہ گزرے ہوتے زمانہ میں بیان کی جائے چونکہ اس میں کام کا ہونا یا کرنا ماضی قریب سے پہلے ظاہر ہوتا ہے لہذا اسے ماضی مقدم بھی کہتے ہیں، جیسے:

شوکت بازار رفتہ بود (شوکت بازار گیا تھا)

بنانے کا طریقہ: ماضی مطلق کے بعد "ہ بود" کا اضافہ کیا جائے تو ماضی بعید کا صیغہ واحد غائب بن جاتا ہے۔ جیسے:
گفتن سے "گفت" ماضی مطلق اور "گفتہ بود" ماضی بعید ہے۔

گردان

مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
گفتن	گفتہ بود	گفتہ بودند	گفتہ بودی	گفتہ بودید	گفتہ بودم	گفتہ بودیم
کہنا	اس نے کہا تھا	انہوں نے کہا تھا	تو نے کہا تھا	تم نے کہا تھا	میں نے کہا تھا	ہم نے کہا تھا

۵۔ ماضی التزامی یا ماضی شکیہ یا ماضی احتمالی

وہ ماضی ہے جس میں کسی کام کے کرنے یا ہونے کا ذکر گزرے ہوئے زمانے میں تردد اور شک یا احتمال کی صورت میں پایا جائے، جیسے :

اکبر گفتہ باشد (اکبر نے کہا ہوگا)

بنانے کا طریقہ : ماضی مطلق کے بعد "ہ باشد" کا اضافہ کر دیا جائے تو ماضی التزامی یا ماضی شکیہ یا ماضی احتمالی کا صیغہ واحد غائب بن جاتا ہے، جیسے :

گفتن سے "گفت" ماضی مطلق اور "گفتہ باشد" ماضی التزامی ہے۔

گردان

مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
گفتن	گفتہ باشد	گفتہ باشند	گفتہ باشی	گفتہ باشید	گفتہ باشم	گفتہ باشیم
کہنا	اس نے کہا ہوگا	انہوں نے کہا ہوگا	تو نے کہا ہوگا	تم نے کہا ہوگا	میں نے کہا ہوگا	ہم نے کہا ہوگا

۶۔ ماضی شرطی یا تمنائی : وہ ماضی جس میں کسی کام کے کرنے یا ہونے کی حالت گزرے ہوئے زمانے میں [illegible]

کام کے کرنے یا ہونے کی شرط یا تمنا ور آرزو پائی جائے وہ ماضی شرطی یا تمنائی کہدتی ہے ،جیسے :

اگر من محنت کردی کامیاب شدی

(اگر میں محنت کرتا تو کامیاب ہو جاتا)

کاش کہ ما ہمہ کامیاب می شدیم

(کاشش ہم سب کامیاب ہو جاتے)

<u>بنانے کا طریقہ</u> : ماضی مطلق کے بعد "ی" کا اضافہ کرنے سے ماضی شرطی یا تمنائی بن جاتی ہے ،جیسے :

گفتن سے "گفت" ماضی مطلق اور "گفتی" (صیغہ واحد غائب) ماضی شرطی یا تمنائی ہے .

اس کے صرف تین صیغے واحد غائب ، جمع غائب اور واحد متکلّم ہوتے ہیں اور باقی تین صیغوں واحد حاضر، جمع حاضر اور جمع متکلّم کے لئے ماضی استمراری اور کبھی ماضی مطلق استعمال کی جاتی ہے .

گردان

مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلّم	جمع متکلّم
گفتن	گفتی	گفتندی			گفتمی	
کہنا	وہ کہتا	وہ کہتے			میں کہتا	

باب دوازدہم

فعل مضارع

وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جائیں اور یہ فعل تین معنی دے۔ کبھی حال کے خاص، کبھی مستقبل کے خاص اور کبھی اپنے معنی دے اور جس سے دونوں زمانوں کا اظہار ہوتا ہو، جیسے:

رود، خورد، نویسد وغیرہ۔

<u>بنانے کا طریقہ</u>: اس کے بنانے کا کوئی خاص طریقہ نہیں ہے لیکن عام طور پر یہ ہے کہ مصدر کے آخر سے "تن" یا "دن" دور کر دیا جاتا ہے اور باقی لفظ میں تھوڑی بہت تبدیلی کر کے اس کے آخر میں "د" ساکن اور دال سے پہلے والے حرف پر زیر لگا دی جاتی ہے،

جیسے:

کردن سے کرد
گفتن سے گوید

گردان

مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
گفتن	گوید	گویند	گوئی	گوئید	گویم	گوئیم
کہنا	وہ کہے	وہ کہیں	تو کہے	تم کہو	میں کہوں	ہم کہیں

مضارع کی اقسام

مضارع کی دو معروف اقسام ہیں۔

۱۔ مضارع اخباری (خبری)

۲۔ مضارع التزامی

۱۔ **مضارع اخباری (خبری)**: مضارع اخباری وہ ہے جو کام کو بطور قطعی و یقینی بیان کرتا ہے۔ جیسے: نویسم، نویسند۔ عام طور پر مضارع اخباری سے پہلے "می" استعمال ہوتا ہے۔ جیسے:

"می نماید" اور "می گوید" وغیرہ

۲۔ **مضارع التزامی**: مضارع التزامی وہ ہے جو کام کو شک، تردد یا خواہش کی صورت میں پیش کرے اور اس کی علامت یہ ہے کہ فعل مضارع سے پہلے "ب" آتی ہے۔ جیسے: بیاید، بروم وغیرہ

منفی بنانے کا طریقہ: مضارع اخباری (خبری) کو نفی بناتے وقت "می" سے پہلے حرف نفی کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ جیسے:

می روم سے نمی روم

می خورم سے نمی خورم

لیکن بعض شعراء نے اصل فعل سے پہلے حرفِ نفی لاکر منفی بنائی ہے جیسے:

ع می نگویم کہ طاعتم بپذیر

اس مصرع میں "می" کے بعد "گویم" کے ساتھ "حرفِ نفی" استعمال ہوا ہے

کبھی مضارع التزامی کی جگہ مضارع اخباری استعمال ہوتا ہے، جیسے: (شعر)

بہ بزغالہ گفتند، بگریز گفتا

کہ قصاب در پی کجا" می گریزم"

فعل حال

تعریف: وہ فعل جس میں موجودہ زمانے کے معانی پائے جائیں۔ جیسے:

می رود (وہ جاتا ہے)

بنانے کا طریقہ: مضارع سے پہلے "می" یا "ہمی" لگانے سے فعل حال بنتا ہے، جیسے: رود سے می رود

گوید سے می گوید

گردان

مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
گفتن	می گوید	می گویند	می گویی	می گوئید	می گویم	می گوییم
کہنا	وہ کہتا ہے	وہ کہتے ہیں	تو کہتا ہے	تم کہتے ہو	میں کہتا ہوں	ہم کہتے ہیں

فعل مستقبل (آیندہ)

تعریف: وہ فعل جس میں آنے والا زمانہ پایا جائے فعل مستقبل کہلاتا ہے۔

جیسے : خواہی رفت ، خواہی گفت وغیرہ

بنانے کا طریقہ : ماضی مطلق سے پہلے "خواہد" لگانے سے فعل مستقبل کا صیغہ مفرد (واحد غائب) بن جاتا ہے۔ جیسے : رفتن سے خواہد رفت۔ گردان کرتے وقت "خواہد" بدل جائے گا۔ اور "رفت" ہر صیغے کے ساتھ اسی طرح استعمال ہوگا۔ جیسے :

گردان

مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
گفتن	خواہد گفت	خواہند گفت	خواہی گفت	خواہید گفت	خواہم گفت	خواہیم گفت
کہنا	وہ کہے گا	وہ کہیں گے	تو کہے گا	تم کہو گے	میں کہوں گا	ہم کہیں گے

فعل امر

وہ فعل ہے جس میں کسی کام کے کرنے کا حکم پایا جائے اور چونکہ حکم کا تعلق صرف مخاطب سے ہوتا ہے اس لئے اس کے صرف دو صیغے (واحد حاضر۔ جمع حاضر) ہی ہوتے ہیں اور غائب کے صیغوں کی جگہ فعل مضارع استعمال ہوتا ہے۔ جیسے : وہ جائے ۔ او برود

بنانے کا طریقہ : صیغہ واحد حاضر فعل مضارع کا آخری حرف دور کرنے سے فعل امر بن جاتا ہے اور شروع میں "ب" زیادہ کر دیتے ہیں۔ جیسے :

روی سے رو یا برو

کنی سے کن یا بکن

گردان

فعل مضارع کا صیغہ واحد حاضر	واحد حاضر	جمع حاضر
روی	برو	بروید
تو جائے	تو جا	تم جاؤ

فعلِ نہی

وہ فعل ہے جس میں کسی کام سے روکا جائے، جیسے:

مخور: مت کھا، مرو: مت جا

بنانے کا طریقہ: امر حاضر کے پہلے میم یا نون مفتوح لگنے سے فعل نہی بن جاتا ہے، جیسے: کن سے مکن یا نکن

خور سے مخور یا نخور

فعل امر کی طرح اس کے بھی دو ہی صیغے ہوتے ہیں واحد حاضر جمع حاضر

گردان

فعل مضارع کا صیغہ واحد حاضر	واحد حاضر	جمع حاضر
گویی	مگو	مگویید
تو کہے	تو مت کہہ	تم مت کہو

باب سیزدہم

فاعل یا مسند الیہ

جب کام کو اسم سے منسوب یا سبب کیا جائے تو وہ اسم فاعل کہلاتا ہے فاعل عربی کلمہ ہے جس کے معنی ہیں "کام کرنے والا" جیسے :

خدیجہ گفت ، فاروق رفت

ان جملوں میں خدیجہ اور فاروق فاعل ہیں اور گفت ، رفت ان کی حالت فاعلی ہے۔ حالت فاعلی کو حالت مسند الیہی بھی کہتے ہیں۔

مسند اور مسند الیہ : جملے کے دو بڑے جزو ہوتے ہیں ایک مسند الیہ اور دوسرا مسند۔ مسند الیہ وہ ہے جس کی بابت کچھ کہا جائے مثلاً

صدیق مریض است

اس فقرے میں صدیق کے بارے میں کچھ کہا گیا ہے لہذا صدیق مسند الیہ ہے دوسرے الفاظ میں فاعل کو مسند الیہ کہتے ہیں اور مریض سے کچھ کہا گیا ہے لہذا مریض مسند ہے۔ مسند الیہ پہلے آتا ہے اور مسند بعد میں۔ جیسے :

مسند الیہ	مسند	حرف ربط
صدیق	مریض	است

نکات

۱۔ ہر فاعل مسند الیہ ہوتا ہے لیکن ہر مسند الیہ فاعل نہیں ہوتا ہے مثلاً :

زہرہ زیبا است

اس فقرے میں زہرہ نے کوئی کام نہیں کیا بلکہ زیبائی کو اس سے منسوب کیا گیا ہے۔ اس فقرے میں زہرہ فاعل اور زیبا مسند ہے۔

۲۔ ایک فعل کے ساتھ چند فاعل یا مسندالیہ آ سکتے ہیں اور ان کو حرف عطف "و" یا عطف (،) سے ذکر کیا جاتا ہے۔ جیسے:

زہرہ، شاہدہ، مبشر، مدثر و عائشہ بازار رفتند

حالتِ مفعولی

جب کسی جملہ میں اسم کام کے انجام دینے والا ہو یا کوئی کام اس سے انجام دیا گیا ہو تو اسے اسم مفعول کہتے ہیں۔ اس کی دو اقسام ہیں۔

۱۔ مفعول بے واسطہ

۲۔ مفعول با واسطہ

مفعول بے واسطہ: یعنی مفعول واضح (مفعول صریح یا مفعول مستقیم) اس مفعول کو کہتے ہیں جو کسی حرف کی مدد کے بغیر جملہ میں آیا ہو اور کسی کام کے پورا کرنے کے معنی دیتا ہو۔ مفعول بے واسطہ "کہ را" اور "چہ را" کے جواب میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً

چو او را بدیدند برخاست غو (فردوسی)

نکات:

۱۔ فارسی زبان میں مفعول بے واسطہ کے بعد اکثر حرف "را" (جسے علامت مفعول بے واسطہ کہتے ہیں) لکھا اور بولا جاتا ہے لیکن یہ حتمی طریقہ نہیں ہے کیونکہ دانشوروں کی تحریروں میں دیکھا گیا ہے کہ مفعول بے واسطہ (مفعول

مستقیم) کے بعد "را" نہیں لایا گیا، جیسے :

الف : "چون در امضای کاری هر دو باشی" "آن طرف" اختیار کن که بی آزار زر بر آید"

ب : دشمن چو از همه حیلتی فرو مانده "سلسلهٔ دوستی" بجنباند" (گلستان سعدی)
(دشمن جب ہر مکر سے عاجز آجاتا ہے تو دوستی کا ہاتھ بڑھاتا ہے)

۲۔ "را" کبھی مفعول باواسطہ کے بعد آجاتی ہے اور "بہ" "برای" اور "از بہر" کے معنی دیتی ہے، جیسے :

نزیبد مرا با جوانان چمید (سعدی)

(مجھے جوانوں کے ساتھ چلنا زیب نہیں دیتا)

۳۔ قدیم زمانے میں دانشمند اور شاعر مفعول سے پہلے "مر" کا اضافہ کرتے تھے اور یہ زیادہ تاکید کے معنی دیتا ہے۔ جیسے :

الف : مر ترا گفتم (یقیناً میں نے آپ سے کہا ہے)

ب : بہ چہرہ شدن چون پری کی توانی

بہ افعال مانندہ شو مر پری را

(ناصر خسرو)

ب : مفعول باواسطہ : (یعنی غیر صریح یا غیر مستقیم مفعول)

اگر مفعول کسی حرف کی مدد سے جملے میں آئے تو اسے مفعول باواسطہ کہتے ہیں اور یہ مندرجہ ذیل ہیں۔

از کہ، از چہ، از کجا، بہ کجا، برای کہ، برای چہ، با کہ، با چہ، بہ کہ، بہ چہ وغیرہ جیسے :

۱۔ او با ماشین بہ ادارہ آمد

۲۔ سیاوش چنین گفت با شهریار
که دل را بدین کار رنجه مدار

۳۔ ز گفتار او شاه شد بدگمان
[illegible] این [illegible] کس [illegible] پدید از نهان
(فردوسی)

نکتہ: ممکن ہے کہ ایک جملہ میں ایک فعل کے لیے چند مفعول استعمال ہوں خواہ مفعول باواسطہ یا بے واسطہ تو یا مفعول کی دونوں اقسام لائی جائیں لیکن ایسے جملوں میں مفعول بے واسطہ کو مفعول باواسطہ سے پہلے لاتے ہیں۔ جیسے: (شعر)

جوانان تا رسانند [illegible] به نور
[illegible] به خنجر [illegible] تن جدا

باب چہاردھم

فعل لازم

وہ فعل ہے جو فاعل کے ساتھ مل کر پورے معنی دے اور اس کے ساتھ مفعول کو لانے کی ضرورت نہ رہے یا وہ فعل ہے جو صرف فاعل کو چاہے جیسے:

زبیر نشست (زبیر بیٹھا)

طلحہ آمد (طلحہ آیا)

فعل متعدی

ایسا فعل جو فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہے فعل متعدی کہلاتا ہے۔

جیسے: عائشہ قرآن خواند (عائشہ نے قرآن پڑھا)

عاتکہ نامہ نوشت (عاتکہ نے خط لکھا)

فعل متعدی کی اقسام

۱۔ متعدی بنفسہٖ: وہ متعدی ہے جو اصل ہی میں متعدی ہو، جیسے:

خورد، کرد، نوشید

۲۔ متعدی بالواسطہ: وہ متعدی ہے جو لازم سے متعدی بنایا گیا ہو، جیسے:

دوانید، رسانید۔ جن کی اصل دوید اور رسید ہے۔

۲۔ متعدی المتعدی: وہ متعدی ہے جو متعدی سے دوبارہ کسی لفظ کے زیادہ کرنے سے متعدی بنایا گیا ہو، جیسے:
خورانید جس کی اصل خورد ہے

بنانے کا قاعدہ

جس مصدر کو متعدی یا متعدی المتعدی بنانا ہوتا ہے اس کے امر حاضر کے آخر میں "انیدن" لگا دیا جائے تو وہ مصدر متعدی یا متعدی المتعدی بن جاتا ہے پھر قاعدہ کے مطابق جو نسا صیغہ مطلوب ہو بنا سکتے ہیں، جیسے: دویدن سے دوانیدن (دوڑانا)، رسیدن سے رسانیدن (پہنچانا)، خوردن سے خورانیدن (کھلانا) وغیرہ۔ دادن سے دھانیدن (دلوانا)

فعل معروف (معلوم)

جس فعل کو فاعل سے منسوب کیا جائے اور اس کا فاعل ظاہر اور معلوم ہو اسے فعل معلوم یا فعل معروف کہتے ہیں، جیسے:

عبداللہ کتاب خواند (عبداللہ نے کتاب پڑھی)
عبدالرحمٰن نامہ نگاشت (عبدالرحمٰن نے خط لکھا)

اس میں "خواند" کا فاعل "عبداللہ" اور "نگاشت" کا "عبدالرحمٰن" ہے جو فعل معروف کہلاتا ہے۔

فعل مجہول

جس فعل کا فاعل معلوم نہ ہو وہ فعل مجہول کہلاتا ہے، جیسے:

اکبرزدہ شد (یعنی اکبر مارا گیا) اس میں معلوم نہیں کہ مارنے والا کون ہے لہذا "زدہ شد" فعل مجہول ہے۔

بنانے کا طریقہ

جس فعل معروف سے فعل مجہول بنانا ہو اس کی ماضی مطلق کے صیغہ واحد غائب کے بعد "ہ شدن" کا اضافہ کر دیں تو وہ مصدر مجہول بن جائے گا جیسے:

گرفت سے گرفتہ شدن (پکڑا جانا)

نوشید سے نوشیدہ شدہ (پیا جانا)

ماضی مطلق مجہول

ماضی مطلق معروف کے آخر "ہ" لگا کر شد زیادہ کرو جیسے:

زد سے زدہ شد (وہ مارا گیا)

ماضی قریب مجہول

ماضی مطلق معروف کے آخر "ہ" لگا کر شدہ است زیادہ کرو جیسے:

زد سے زدہ شدہ است (وہ مارا گیا ہے)

ماضی بعید مجہول

ماضی مطلق معروف کے بعد "ہ" لگا کر شدہ بود زیادہ کرو جیسے:

زد سے زدہ شدہ بود

(وہ مارا جاتا تھا)

ماضی شکیہ مجہول

ماضی مطلق معروف کے آخر "ہ" لگا کر "شدی، شدندی، شدمی" زیادہ کرو، جیسے: زد سے زدہ شدہ باشد (وہ مارا گیا ہوگا)

ماضی استمراری مجہول

ماضی مطلق مجہول میں "شد" سے پہلے "می" لگا دو، جیسے:
زدہ شد سے زدہ می شد (وہ مارا جاتا تھا)

ماضی تمنائی مجہول

ماضی مطلق معروف کے آخر "ہ" لگا کر شدی، شدندی، شدمی" زیادہ کرو۔ مثلاً زد سے زدہ شدی (وہ مارا جاتا)

فعل مستقبل مجہول

ماضی مطلق معروف کے آخر "ہ" لگا کر "خواہد شد" زیادہ کرو، جیسے:
زد سے زدہ خواہد شد (مارا جائے گا)

فعل مضارع مجہول

ماضی مطلق معروف کے آخر میں "ہ" لگا کر "شود" زیادہ کرو، جیسے:
زد سے زدہ شود (وہ مارا جائے)

فعل حال مجہول

مضارع مجہول میں "شود" سے پہلے "می" لگاؤ ۔ جیسے زدہ شود سے زدہ می شود (وہ مارا جاتا ہے)

نوٹ: ا۔ فعل مجہول

ہمیشہ فعل متعدی سے بنتا ہے لازم سے نہیں بنتا ۔

۲۔ افعال مجہول کی گردانیں بھی فعال معروف کی طرح کی جائیں ۔

باب پانزدھم

اسمِ فاعل

فعل کو کام کرنے والے شخص کی ضرورت ہوتی ہے جسے اسم فاعل کہتے ہیں اسم فاعل جاندار اور کبھی بے جان ہوتا ہے۔ جیسے:

سعید میز را ساخت — سعید نے میز بنایا

درخت شگوفہ کرد — درخت نے شگوفہ نکالا

پہلے فقرے میں سعید جاندار اور دوسرے میں درخت بے جان اسم فاعل ہے۔

فاعل اور اسم فاعل میں فرق

اسم فاعل ہر حالت میں مشتق ہوتا ہے اور فاعل مشتق نہیں ہوتا جیسے: "اسم نوشت" میں "اسم" فاعل ہے۔ اسم فاعل نہیں کیونکہ یہ مشتق نہیں۔

بنانے کے طریقے

۱۔ امر کے آخری حرف کو زیر دے کر آخر میں ندہ لگاؤ۔ جیسے:

کن سے کنندہ۔ رو سے روندہ

۲۔ اگر امر کے آخر الف یا واؤ ہو [illegible] ان کے درمیان [illegible] ی بڑھا کر ندہ سے پہلے ی زیادہ کرو جیسے گو سے گوینده۔

۳۔ اگر اسم کا آخری حرف "ی" ہو تو اسے گرا دیتے ہیں، جیسے:
زنی سے زندہ
۴۔ کبھی اسم کے بعد "الف" زیادہ کرنے سے۔ مثلاً دان سے دانا، بین سے بینا، جو سے جویا۔
۵۔ کبھی ایک اسم اور اسم ملا کر، جیسے کارکن، آتشپز، راہ گیر
۶۔ کبھی اسم کے بعد "ن" زیادہ کرنے سے، مثلاً تاب سے تابان، درخش سے درخشان۔
۷۔ کبھی اسم کے بعد مندرجہ ذیل علامتوں میں سے کوئی علامت لگا کر بناتے ہیں: گر، گار، گین، ناک، چی، ور، بان، مند، سار وغیرہ۔
غمناک، توپچی، جانور، شتربان، عقلمند، جوہری، شرمسار، ظفریاب، تاجدار ایسے ہی اسم فاعل ہیں۔
۸۔ فارسی میں عربی اسم فاعل بھی مستعمل ہوتے ہیں:
الف۔ وہ لفظ جو "فاعل" کے وزن پر ہوں، جیسے: حاکم، عادل، قاتل، ناصر وغیرہ
ب۔ وہ الفاظ جن کا پہلا حرف مضموم (پیش والا) اور آخر سے پہلا حرف مکسور (زیر والا)، جیسے: مُحسِن، مُقبِل
نوٹ: اسم فاعل جملے میں کسی فعل کا فاعل ہو سکتا ہے۔

نکات:

الف۔ اس زبان میں معمولاً فعل فاعل کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے یعنی اگر فاعل مفرد ہو تو فعل بھی مفرد صورت میں آتا ہے۔ اور اگر فاعل جمع ہو تو فعل بھی جمع صورت میں ہوتا ہے، جیسے:

۱۔ یک دانش آموز تشویق شد (ایک طالب علم کو شوق دلایا گیا)

۲۔ دانش آموزان تشویق شدند (طلبا کو شوق دلایا گیا)

ب۔ لیکن بے جان فاعل (مسند الیہ) کے ساتھ فعل ہمیشہ مفرد آتا ہے جیسے:

آجرہا قرمز است (اینٹیں سرخ ہیں) اشعار سعدی و حافظ پختہ است

(سعدی و حافظ کے اشعار پختہ ہیں)

ج۔ البتہ کوئی عیب نہیں اگر فعل فاعل (مسند الیہ) کے مطابق لائے جائیں۔

جیسے:

۱۔ آجرہا قرمزند

۲۔ نیکی و بدی کہ در نہاد بشر میباشند

د۔ اسم جمع کے لئے فعل کی دونوں صورتیں آسکتی ہیں۔ جیسے کہا جائے۔

۱۔ سپاہ پاکستان پیروز شد (افواج پاکستان فتح یاب ہوئی)

۲۔ سپاہ پاکستان پیروز شدند (افواج پاکستان فتح یاب ہوئیں)

باب شانزدھم

فعل کی حالتیں

فعل کی مختلف چھ صورتیں یا وجوہات ہیں:

۱۔ اخباری ۲۔ التزامی ۳۔ امری
۴۔ شرطی ۵۔ وضعی ۶۔ مصدری

حالتِ اخباری

وہ ہے جو کام کے ماضی، حال، مستقبل کے قطعی اور یقینی طور پر ہونے کی اطلاع دے۔ جیسے: می روم، می خوانم وغیرہ

حالتِ التزامی

وہ ہے جو کسی کام کے ماضی، حال اور مستقبل میں تردد یا خواہش کی صورت میں رونما ہونے کی خبر دے، جیسے: رفتہ باشم، بروم وغیرہ

حالتِ امری

وہ ہے جس میں زمانہ ماضی، حال اور مستقبل میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے، جیسے: برو، بخوان وغیرہ

حالت امر مدامی

جس میں حکم کے معنی ہمیشہ کے لئے پائے جائیں، جیسے: می رو (جا تا رہ)

بنانے کا طریقہ

امر حاضر کے شروع میں می لگانے سے امر مدامی بن جاتا ہے اور کبھی امر مدامی کی جگہ ماضی شکیہ بھی استعمال کرتے ہیں مثلاً رو سے می رو وغیرہ

حالتِ شرطی

وہ ہے جو فعل کو شرط کے طور پر بیان کرے اور اس صورت میں شرط کی علامات میں سے کوئی ایک اس کے آگے بیان ہونی چاہیئے، جیسے:

۱۔ "اگر بخواہی می آیم"۔ اس فقرے میں "بخواہی" "حالتِ شرطی" ہے۔

۲۔ دلا ز نور ہدایت گر آگہی "یابی"

جو شمع خندہ زنان ترک سر توانی کرد

۳۔ گر این نصیحت شاہانہ "بشنوی" حافظ

بشاہراہ حقیقت گذر توانی کرد

حالتِ وصفی

وہ ہے جو ظاہر میں صفت لیکن اصل میں فعل کے معنی دے، جیسے:

دبیر ایستادہ درس را گفت

یعنی دبیر کھڑا ہوا اور اس نے سبق پڑھایا لیکن یاد رہے کہ حالت وصفی

کے بعد "و" لگانا درست نہیں ہے یعنی ہم مذکورہ فقرے کو یوں نہیں لکھ سکتے کہ:

دبیر ایستادہ و درس گفت (یہ فقرہ غلط ہے)

حالتِ مصدری

وہ ہے جو ظاہری صورت میں مصدر کی طرح لکھی جائے لیکن فعل کے معنی بیان کرے۔ یہ اکثر شایستن، بایستن اور توانستن جیسے کلمات کے بعد آتی ہے، جیسے: (شعر)

۱۔ بہ عذر و توبہ توان "رستن" از عذاب خدای

ولیک می نتوان از عذاب مردم رست

۲۔ می توان "گفتند" کہ شما دانشمند ہستید

"رستن" اور "گفتند" "حالت مصدری" یا "وجہ مصدری" ہے۔

فعل دعا

وہ فعل ہے جو کسی آدمی یا چیز کو دعا سے یاد کرے اور اس کا ایک سے زیادہ صیغہ نہیں ہوتا، جیسے:

مباد، مکناد، باد وکناد

کبھی فعل دعا کے آخر میں "الف" کا اضافہ کیا جاتا ہے، جیسے:

مبادا، بادا، ہاشدا وغیرہ

فعل تمنّا

وہ فعل ہے جو کسی آدمی یا چیز کی آرزو کرے۔ فارسی میں اس کی علامت

کاش اور کاشکہ ہے، جیسے :

کاش کہ جوانی بر می گشت
کاش احمد می آمد

افعال معین

ایسے افعال جن کی مدد میں دوسرے افعال استعمال کئے جائیں افعال معین کہلاتے ہیں۔ زیادہ معروف افعال معین (فارسی) یہ ہیں : استن، بودن شدن، خواستن، شایستن، توانستن، یارستن، بایستن۔

باب ہفدھم

مرکبِ توصیفی (صفت موصوف)

تعریف

جس سے کسی شے کی اچھائی یا برائی معلوم ہوا سے "صفت" اور جس کی اچھائی یا برائی بیان کی جائے اسے "موصوف" کہتے ہیں جو صفت اور موصوف سے مرکب ہو اسے "مرکب توصیفی" کہتے ہیں۔ جیسے: چای گرم (گرم چائے) اس میں "چائے" "موصوف" اور "گرم" "صفت" ہے یا، جیسے:

فیلِ بزرگ (بڑا ہاتھی)، مرد دانا (دانا آدمی)، حکیم حاذق (حاذق حکیم)

ان میں فیل، مرد، حکیم "موصوف" اور بزرگ، دانا، حاذق "صفت" ہیں

صفت کی اقسام

۱۔ صفت جامد ۲۔ صفت مشتق ۳۔ صفت مطلق ۴۔ صفت فاعل

۵۔ صفت مفعول ۶۔ صفت نسبی ۷۔ صفت عالی

۸۔ صفت تفضیلی ۹۔ صفت سادہ ۱۰۔ صفت مرکب

صفتِ جامد

وہ صفت ہے جو کسی دوسرے کلمے سے نہ لی گئی ہو، جیسے:

بہ ، خوب ، تلخ

صفت مشتق

وہ صفت ہے جو دوسرے کلمہ سے لی گئی ہو، جیسے : روندہ (جانے والا)
خندان (مسکراتا)، بینا (دیکھنے والا)۔ یہ "رو، خند اور بین" سے مشتق ہے۔

صفتِ فاعلی

وہ صفت ہے جو کام کرنے یا رکھنے والے کی حالت کو ظاہر کرے، جیسے :
بینندہ (دیکھنے والا) سوزندہ (جلانے والا) صفت فاعل کو اسم فاعل بھی کہا جاتا ہے۔

صفتِ مفعولی

وہ صفت جس پر کام ہونے کی حالت پائی جائے، جیسے :
نان خوردہ (کھائی ہوئی روٹی)، دامن آلودہ (آلودہ دامن)
اس کی مندرجہ ذیل نشانیاں ہیں :

۱۔ ندہ : جو فعل امر کے آخر میں لگائی جاتی ہے، جیسے :
گویندہ : (کہنے والا)، شنوندہ (سننے والا)، درندہ (پھاڑنے والا)

۲ ان : اس کا بھی فعل امر کے آخر میں اضافہ کیا جاتا ہے بعض دانشور اسے
صفت حالیہ بھی کہتے ہیں، جیسے : گریان، خندان، پرسان۔ یعنی رونے کی حالت
میں ہنسنے کی حالت میں، پوچھنے کی حالت میں۔

۳۔ الف : بھی فعل امر کے آخر میں بڑھایا جاتا ہے اور یہ صفت یا حالت کو
کسی آدمی کے لئے بطور ہمیشگی بیان کرتا ہے اور اصطلاحاً اسے صفت مشبہ

بھی کہتے ہیں، جیسے : بینا ، دانا ، شنوا ، گویا

اسمِ فاعل اور صفتِ مشبہ کا فرق

اسم فاعل اور صفتِ مشبہ میں یہ فرق ہے کہ صفتِ مشبہ ،صفت کے ہمیشہ ہونے کا بیان کرتی ہے لیکن اسم فاعل (صفتِ فاعل) میں معنی کے دوام یا ہمیشگی کا ثبوت نہیں ہوتا۔

۴۔ ار : فعل ماضی کے آخر میں اضافہ کرنے سے ، جیسے :

خواستار ، خریدار ، گرفتار

۵۔ گار : فعل امر اور فعل ماضی کے آخر میں بڑھانے سے ، جیسے :

آموزگار ، آفریدگار ، کردگار

۶۔ کار : یہ اکثر اسم کے آخر میں لگایا جاتا ہے ، جیسے :

ستمکار ، فراموشکار

۷۔ گر : یہ بھی اسم کے آخر میں لگاتے ہیں ، جیسے :

ستم گر ، بیدادگر ، دادگر

جن صفات کے آخر میں "گار" و "گر" کی علامت آئے وہ موصوف کی کثرت و فراوانی کا پتہ دیتی ہیں۔ عربی میں اسے صیغہ مبالغہ کہا جاتا ہے۔

صفتِ معنوی

وہ صفت جو کسی شخص یا چیز جس پر کام واقع ہو رہا ہو ، کی دلالت کرے اسے اسم مفعول بھی کہتے ہیں۔ اس کی علامت "ہ" اور کبھی "شدہ" ہے ، جیسے :
زدہ ، گفتہ ، رفتہ جو ممکن ہے کہ "زدہ شدہ" اور "گفتہ شدہ" بھی کہا جائے کبھی ...

مفعول کے آخر سے "ہ" کو حذف بھی کر دیتے ہیں، جیسے :

دست پختہ سے دست پخت

ناز پروردہ سے ناز پرورد

خواب آلودہ سے خواب آلود

صفت نسبی

وہ صفت جو کسی شخص یا چیز کو کسی مقام، شخص یا چیز سے منسوب کرے، جیسے:
لاہوری، سیالکوٹی، خانگی، شیرازی، بلوریں، زریں

اس کی مندرجہ ذیل علامات ہیں :

۱۔ ی : یہ اسم کے آخر میں لگاتے ہیں، جیسے :

سمرقندی، شیرازی، خانگی

۲۔ یں : یہ بھی اسم کے آخر میں لگاتے ہیں، جیسے :

گردیں، بلوریں، چہرۂ نمکیں، اندام سیمیں

۳۔ گان : اسم کے آخر میں لگا کر، جیسے :

گروگان، دھگان

۴۔ ہ : اسم اور عدد کے آخر میں بڑھاتے ہیں، جیسے :

دو روزہ، دھہ، ہزارہ

۵۔ ینہ : اسم کے آخر میں لگائی جاتی ہے، جیسے :

پشمینہ، زرینہ، سیمینہ

۶۔ انہ : اسم و صفت کے آخر میں لگاتے ہیں، جیسے :

زنانہ، مردانہ، عاشقانہ، شجاعانہ

کبھی قید اور کبھی صفت کے معنوں میں استعمال ہوتی ہے۔

نکات

۱۔ "ری" اور "مرو" جیسے اسموں سے یوں صفت نسبی بناتے ہیں، جیسے:

ری سے رازی (فخرالدین رازی)

مرو سے مروزی (کسائی مروزی)

۲۔ جن اسموں کے آخر میں "ہ" آتی ہے۔ ان کی "ہ" کو دور کر کے "گ" کا اضافہ کرنے سے "صفت نسبی" بن جاتی ہے، جیسے:

خانہ سے خانگی

خیمہ سے خیمگی

پردہ سے پردگی

بردہ سے بردگی

بادہ سے بادگی

۳۔ ساری، گنجہ اور دہلی جیسے شہروں سے صفت نسبی یوں بنائی گئی ہے، جیسے:

ساری سے ساروی

گنجی سے گنجوی

دہلی سے دہلوی

صفتِ مطلق

وہ صفت ہے جو اپنے موصوف کی حالت کو پوری طرح سمجھا دے اسے صفت سادہ بھی کہتے ہیں، جیسے:

گُلِ سرخ

صفت تفضیلی

صفت تفضیلی اس صفت کو کہتے ہیں جس میں موصوف کا اپنے ہم جنس اشخاص یا چیزوں سے مقابلہ کیا جائے۔ صفت تفضیلی کا نشان "تر" ہے جو صفت سادہ کے آخر میں بڑھاتے ہیں۔ جیسے:

خوب سے خوب تر
قشنگ سے قشنگ تر

نکات:

۱۔ صفت تفضیلی کے بعد کلمہ "از" ہوتا ہے، جیسے:
زمین گشت روشن تر "از" آسمان (زمین آسمان سے زیادہ روشن ہوگئی)

۲۔ کبھی "از" کی بجائے "کہ" یا "تا" بھی آتا ہے، جیسے:
الف: بنزدیک من صلح بہتر کہ جنگ
ب: بمیرم بہتر تا در امتحان موفق نشوم

۳۔ صفات بہ، مہ، کہ، بیش و کم علامت "تر" کے بغیر صفت تفضیلی کے طور پر استعمال ہوتی ہیں، جیسے:
غم حبیب نہان "بہ" کہ گفتگوی رقیب
ہر کہ بہ طاعت از دیگران کم است و بہ نعمت بیش بہ صورت توانگر است و بہ معنی درویش چارہ این است و ندارم "بہ" ازین رای دگر

۴۔ بتر "بدتر" کا مخفف ہے:
"بتر" زآنم کہ خواہی گفت آنی۔

صفتِ عالی

وہ صفت ہے جو اپنے موصوف کے دوسرے ہم جنسوں سے برتری کا
...زدے۔ صفت عالی کی علامت "ترین" ہے جو صفت سادہ کے آخر میں
...ھاتے ہیں، جیسے :

زیب سے زیب ترین

باہوش سے باہوش ترین

نکتہ :

کبھی صفت عالی کی جگہ صفتِ تفضیلی استعمال ہوتی ہے لیکن اس سے صفت
...فضیلی کے بھی معنی لئے جاتے ہیں، جیسے :

ہنر بہ چشم عداوت بزرگتر عیب است

یہاں "بزرگتر" سے مراد "بزرگترین" ہے

صفت سادہ و مرکب

صفت کبھی سادہ اور بغیر جزو کے ہوتی ہے، جیسے :
خوب، بد، راست، درویش۔ اسے صفت سادہ کہتے ہیں لیکن کبھی ...
...کے چند جزو ہوتے ہیں اور اس صورت میں یہ صفت مرکب کہلاتی ہے، جیسے :
خوب رو (خوبصورت)، راستگو (سچا)

طریقہ

صفت مرکب یوں بناتے ہیں۔

۱۔ دو اسموں کی ترکیب سے جیسے : سنگدل، تلخ ...

۲۔ فعل امر اور اسم سے، جیسے:

مردم آزار، سخن شنو

۳۔ اسم، صفت سے، جیسے:

سربلند، دلتنگ، دلخوش، پُرمسرت

۴۔ قید اور اسم سے، جیسے:

دور دست، زبردست، پرگل

۵۔ اسم اور مختلف لاحقوں (لپساوندھا) سے، جیسے:

دانشمند، سخنور، اندوھگین، سہمناک

۶۔ اسم و عدد سے، جیسے:

یکدل، دورو، صدزبان

۷۔ اسم اور سابقے (پیشاوند) سے، جیسے:

ہمکلاس، ہمسفر، نااہل

باب ہیجدھم

اسمِ عدد

"عدد" اس کلمہ کو کہتے ہیں جو اشخاص یا چیزوں کے گننے کے لئے استعمال ہوتا ہے اور جس چیز کو گنا جاتا ہے وہ "معدود" کہلاتی ہے۔ جیسے :

چہار اسب

پنج میز

دو بز

ان میں چہار، پنج اور دو عدد ہیں

اور اسب، میز اور بز معدود ہیں

اور جن اعداد میں ترتیب پائی جائے انہیں اعداد ترتیبی کہتے ہیں، جیسے :

اوّل، دوم، سوم اور چہارم

عربی، انگریزی اور بعض دوسری زبانوں میں عدد، معدود کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے یعنی اگر عدد ایک سے زیادہ ہو تو معدود بھی جمع استعمال ہوتا ہے، جیسے :

پانچ بکریاں

لیکن فارسی میں عدد کے ساتھ معدود ہمیشہ مفرد (واحد) آتا ہے، جیسے :

یک کتاب از کتابخانہ گرفتم

پنج جلد کتاب از کتابخانہ گرفتم

نکتہ :
عدد پہلے آتا ہے اور معدود بعد میں۔ جیسے : چہار اسب

اعداد ذاتی

۱	یک	۱۱	یازدہ	۲۱	بست و یک
۲	دو	۱۲	دوازدہ	۲۲	بست و دو
۳	سہ	۱۳	سیزدہ	۲۳	بست و سہ
۴	چہار	۱۴	چہاردہ	۲۴	بست و چہار
۵	پنج	۱۵	پانزدہ	۲۵	بست و پنج
۶	شش	۱۶	شانزدہ	۲۶	بست و شش
۷	ہفت	۱۷	ہفدہ	۲۷	بست و ہفت
۸	ہشت	۱۸	ہجدہ	۲۸	بست و ہشت
۹	نہ	۱۹	نوزدہ	۲۹	بست و نہ
۱۰	دہ	۲۰	بست	۳۰	سی

اسی طرح اگلی دہائیوں کے ساتھ "و" لگا کر بڑھاتے جاؤ۔ باقی دہائیاں یہ ہیں :

سی	چہل	پنجاہ	شصت	ہفتاد	ہشتاد	نود	صد
۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰

ہزار کے لئے "ہزار"۔ لاکھ کے لئے "لک" دس لاکھ کے لئے "میلیون"
۱۰۰۰۰۰۰ ۱۰۰۰۰۰
اور کروڑ کے لئے "کروڑ" شمار کرتے وقت پہلے بڑے درجے پھر چھوٹے پھر
۱۰۰۰۰۰۰۰
سب سے چھوٹے لاؤ اور "و" کے ذریعے ملاتے جاؤ۔ مثلاً

۵۲۶ = پانصد و بست و پنج ۸۷۲ = ہشت صد و ہفتاد و سہ

۵۶۳۲ = پنج ہزار و شش صد و سی و دو

اقسام عدد

عدد کی چار قسمیں ہیں۔

۱۔ عدد اصلی ۲۔ عدد ترتیبی

۳۔ عدد کسری ۴۔ عدد توزیعی

۱۔ عدد اصلی

اصلی اعداد بیس کلمات ہیں۔

یک، دو، سہ، چہار، پنج، شش، ہفت، ہشت، نہ، دہ، بیست سی، چہل، پنجاہ، شصت، ہفتاد، نود، صد، ہزار باقی اعداد اصلی اعداد کی ترکیب سے بنتے ہیں۔

۲۔ عدد ترتیبی (وصفی)

عدد ترتیبی یا وصفی وہ عدد ہے جو معدود کی ترتیب کے لئے مستعمل ہوتا ہے، جیسے:

نخست (نخستین)۔۔۔ چہارمین، ہفتمین یا چہارم و ہفتم وغیرہ

یاد رہے کہ اعداد ترتیبی وہی اعداد اصلی ہیں جن کا اوپر بیان ہوا۔ ان کے آخری حرف کو مضموم کر کے ایک "م" کا اضافہ کر دینے سے وہ عدد ترتیبی یا وصفی بن جاتے ہیں، جیسے نخست سے نخستین

نکتہ

گرامر کی بعض کتب میں درج ہے کہ دوم اور سوم تو تشدید کے بغیر پڑھا

جائے لیکن آج کل فارسی میں ایسا ہرگز نہیں کیا جاتا بلکہ دوم اور سوم کو تشدید کے ساتھ ہی پڑھا جاتا ہے۔

اعداد ترتیبی "معدود" کے پہلے اور آخر دونوں حالتوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے:

درس نخستین یا نخستین درس

۳۔ عدد کسری

عدد کسری وہ عدد ہیں جو یوں عدد کے کسی ایک حصے کو بیان کرے جیسے: یک پنجم۔ یک دہم (۱/۵، ۱/۱۰) ان کو آج کل عدد ترتیبی بھی کہتے ہیں۔ جیسے:

یک پنجم۔ یک دہم۔ یک ہزارم وغیرہ

فارسی	اُردو	فارسی	اُردو
نیم، دو یک	۱/۲	دو سہ یک یا دو سوم	۲/۳
سہ یک	۱/۳	سہ چہار یک یا سہ چہارم	۳/۴
چہار یک	۱/۴	چہار پنج یک یا چہار پنجم	۴/۵
پنج یک	۱/۵	چہار شش یک یا چہار ششم	۴/۶
شش یک	۱/۶	دو دہ یک یا دو دہم	۲/۱۰
ہفت یک	۱/۷	شش ہشت یک یا شش ہشتم	۶/۸
ہشت یک	۱/۸	دو و سہ چہار یک یا دو و سہ چہارم	۲ ۳/۴
نہ یک	۱/۹	سہ و سہ چہار یک یا سہ و سہ چہارم	۳ ۳/۴
دہ یک	۱/۱۰	چہار و شش دہ یک یا چہار و شش دہم	۴ ۶/۱۰

۴۔ عدد توزیعی

عدد توزیعی وہ ہے جو اپنے معدود کو مساوی طور پر تقسیم کرے، جیسے:

یک یک ۔ دو تا دو ہزار تا ہزار وغیرہ

کبھی "ب" کا اضافہ کر کے کہتے ہیں سہ بہ سہ، چہار بہ چہار

بعض مرتبہ اصلی عدد کے ساتھ "گان" کا اضافہ کر کے اسے عدد توزیعی میں تبدیل کرتے ہیں، جیسے:

یگان، دہگان، صدگان وغیرہ

نکتہ:

جب بھی چند کا کلمہ کہا جائے تو وہ نامعلوم عدد کو بیان کرتا ہے نیز ایسے ہی چندی و چندین، چندان بھی بولتے ہیں جو عدد مبہم کے طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے: چند سال، چند ماہ وغیرہ

متقدمین کی تحریروں میں کلمہ "اند" استعمال ہوتا ہے جو سہ سے نہ تک استعمال ہوتا ہے، جیسے:

اوسی و اند سال بادشاہی کرد

(اس نے تیس سے کچھ اوپر سال بادشاہی کی)

باب نوزدہم

قید

قید وہ کلمہ ہے جو صفت یا فعل یا دوسری قید کے ساتھ لگایا جائے تو وہ اسے زمان و مکان، حالت، مقدار سے وابستہ کر دے، جیسے:

احمد زیاد زیرک است (احمد بڑا ذہین ہے)

کبھی اتفاق ہوتا ہے کہ صفت یا دوسری قید کے لئے پھر قید استعمال کرتے ہیں۔ جیسے:

مادر خیلی مہربان است (ماں بہت مہربان ہے)

اسلم خیلی زیاد کاری کند (اسلم بہت زیادہ کام کرتا ہے)

اقسام قید

قید کی دو اقسام ہیں۔

۱۔ قید مختص

۲۔ قید مشترک

۱۔ قید مختص

قید مختص جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے وہ کلمات ہیں جو ہمیشہ قید کے عنوان سے جملہ میں استعمال ہوتے ہیں، جیسے:

ہنوز ، ہرگز ، ہمیشہ ، ناگاہ ، جز ، خوشبختانہ

۲۔ قیدِ مشترک

ایسا کلمہ جو اصل میں قید نہ ہو بلکہ اسم ، صفت اور عدد ہو لیکن جملے میں قید کے کلمہ کی صورت میں استعمال ہو ، قیدِ مشترک کہلاتا ہے ۔ جیسے :

خوب ، امشب ، چہار ، یہ کلمات صفت ، اسم ، عدد ہیں لیکن بصورت قید استعمال ہوتے ہیں ۔ جیسے :

من اکرم را خوب می دانم (میں اکرم کو اچھی طرح جانتا ہوں ۔)

قید کی مشہور صورتیں یہ ہیں ۔

۱۔ قیدِ زمان

جو کام کے ہونے کے زمانے کو بیان کرے ، جیسے : امروز ، امشب ، سحرگاہ ، صبحگاہان ، زود ، دیر ، ہمیشہ ، پیش ازاین ، پیش ازان ، دردم ، ناگہان ، اکنون ، دیشب ، پریشب ، شامگاہان وغیرہ

۲۔ قیدِ مکان

جو کام کے ہونے کی جگہ کو بیان کرے ، جیسے : چپ ، راست ، پیش ، نزد ، نزدیک ، بالا ، پائین ، پیرامون وغیرہ ۔

۳۔ قیدِ مقدار

جو کام کے اندازے یا مقدار کو بتلائے ، جیسے : چند ، چندان ، بس ، بسی ، بیش ، بیشتر ، کم ، کمتر ، ذرہ ذرہ ، قطرہ قطرہ ، فراوان ، بسیار ، زیاد وغیرہ

۴۔ قیدِ تصدیق وتاکید

جو کام کی تصدیق وتاکید کے معنی بیان کرے ، جیسے : آری ، ہرآینہ ، ہمانا ، البتہ ، بی شک ، بہ حق ، حتما ، بی چون وچرا ، ناچار وغیرہ

۵۔ قیدِ ترتیب و عدد

جو فعل کی ترتیب اور عدد کا پتہ دے۔ جیسے: دوم، سوم، یکدفعہ، سرانجام، دستہ دستہ، فوج در فوج وغیرہ

۶۔ قیدِ شک و گمان

جو کام کے ہونے کے بارے میں شک اور گمان پیدا کرے۔ جیسے: شاید، گویی، گویا وغیرہ

۷۔ قیدِ استفہام

جو سوال کے معنوں میں استعمال ہو۔ جیسے: تا چند، چرا، کی، تاکی، برای چہ، آیا، کدام، چطور

۸۔ قیدِ استثنا

جو استثنا کی قید لگائے۔ جیسے: جز، مگر، جز کہ، مگر کہ

۹۔ قیدِ نفی

جو نفی و انکار کے طور پر استعمال ہو۔ جیسے: نہ، ہیچ، خیر، ہیچ وجہ، ہیچگاہ، ہرگز۔

۱۰۔ قیدِ تمنا

جو آرزو اور تمنا کے لئے استعمال ہو۔ جیسے: آیا بود، کاش، کاشکی، ای کاش

۱۱۔ قیدِ حالت

جو کام کے ہونے کی کیفیت و حالت کو فاعل کے ساتھ بیان کرے۔ جیسے: آہستہ، آسان، دشوار، دشخوار، آشکار، پنہان، لرزان، خندان، گریان، سوارہ، پیادہ، ایستادہ، نشستہ وغیرہ۔

۱۲۔ قیدِ سوگند

جس میں قسم کا اظہار کیا جائے، جیسے : بخدا، بجان، خدا را، برای خدا۔

نکتہ :

اگر اسم یا صفت کے آخر میں لفظ "انہ" بڑھا دیا جائے تو وہ قیدِ حالت و چگونگی بن جاتی ہے۔ جیسے دلیر سے دلیرانہ، عاقل سے عاقلانہ، فقیر سے فقیرانہ، جسور سے جسورانہ، مرد سے مردانہ، زن سے زنانہ، برادر سے برادرانہ وغیرہ

باب بستم

اصوات

اصوات ایسے الفاظ ہیں جو تحسین، خوشی، تعجب، غم، تنبیہ اور امید کے موقع پر بولے جاتے ہیں اور یہ بولنے والے کی روحانی حالت کے آئینہ دار ہوتے ہیں۔

آج کل ان الفاظ کے لکھنے کے بعد یہ علامت (!) لکھی جاتی ہے۔

۱۔ تحسین کے لئے

بہ بہ، خوشا، آفریں، زہی، بارک اللہ، لوحش اللہ، ماشاءاللہ، احسنت، زہ، حبذا، مرحبا، احسن وغیرہ

۲۔ تعجب کے لئے

وہ، بہ، شگفتا، عجب، عجبا، سبحان اللہ، چہ خوب وغیرہ

۳۔ ندا کے لئے

ای، ایا

۴۔ تنبیہ اور آگاہی کے لئے

ہلا، ہین، زنہار، مبادا، ہشدار، الا، ہان، ہیہات وغیرہ

۵۔ افسوس کے لئے

وای، آہ، آخ، اوخ، دریغا، تفو، دردا، فریاد، افسوس وغیرہ

حروفِ ربط

حروف ربط یا پیوند وہ کلمہ ہے جو دو کلمات یا جملات کو آپس میں ملاتا ہے۔
حروف ربط کی دو اقسام ہیں :

۱۔ حرف ربط سادہ (بسیط) یا حرف ربط مفرد
۲۔ حروف ربط مرکب

۱۔ حروف ربط سادہ یہ ہیں :
و ، یا ، کہ ، پس ، اگر ، چون ، چہ ، تا ، اما ، نہ ، لیکن ، زیرا
۲۔ حروف ربط مرکب یہ ہیں :
چونکہ ، چنانکہ ، تا اینکہ ، زیرا کہ ، اگرچہ ، ہمینکہ ، وقتیکہ ، چندانکہ ، ہمانکہ ،
چنانچہ ، تا اینکہ وغیرہ

حروفِ اضافہ

حروفِ جار

وہ حروف جو کسی اسم کے پہلے آئیں اور اس اسم کے معانی کو فعل سے ملا دیں۔ ان کو حروف جار کہا جاتا ہے اور جو اسم ان کے بعد آتا ہے وہ مجرور کہلاتا ہے ، جیسے :

گربہ روی صندلی نشستہ است (بلی کرسی پر بیٹھی ہے)

اس میں "روی" حرف جار اور "صندلی" حرف مجرور ہے۔ حرف جار مندرجہ ذیل ہیں :

۲۔ کدامین عشق ہست کہ عاشقان ندارند؟

(کونسا عشق ہے جو عاشق نہیں رکھتے؟)

چند (مقدار کے لئے): چند کیلو شکر آوردی؟

(تو کتنے کلو چینی لایا؟)

چون: چون پیش رفتی؟ (تُو کیسے آگے گیا؟)

چرا: چرا نیامدی؟ (تُو کیوں نہیں آیا؟)

کی: تا کی می آئید؟ (تم کب تک آؤ گے؟)

مگر اور ہیچ انکار کے لئے استعمال ہوتے ہیں اور وہ اصلی حروف استفہام میں شمار نہیں ہوتے۔ جملے میں ان کے بعد تاکید یا انکار کا اظہار ہوتا ہے، جیسے:

۱۔ مگر گفتہ نبودی کہ من می آیم؟

(مگر تُو نے کہا نہ تھا کہ میں آؤں گا؟)

۲۔ ہیچ میدانی چقدر برایت نگران شدم؟

(کیا تُو جانتا ہے کہ میں تیرے لئے کتنا پریشان ہوا؟)

مختلف حروف وکلمات

حروف شرط

اگر، اگرچہ، ہرچند اور چون حروف شرط کہلاتے ہیں۔

حروف علّت

چراکہ، زیراکہ، ازین جہت، بنابرین، حروف علّت کہلاتے ہیں۔

حروف ایجاب

بلی، آری، چشم حروف ایجاب کہلاتے ہیں۔

کلمات تأسف

حیف، وائے، دریغا، کلمات تأسف کہلاتے ہیں۔

مبہمات

وہ کلمات جو کسی شخص یا چیز کو مبہم (غیر واضح) صورت میں بیان کریں اور ضمیر کو اس کا جانشین بنائیں مبہمات کہلاتے ہیں اور یہ مندرجہ ذیل ہیں۔

ہرکہ، فلاں، بہمان، کسی، کس، کسانی، دیگری، بس، بسی، چند، ہیچ، ہر، ہمان، بعضی۔

باب بیست ویکم

علاماتِ وقف

انسان کا خاصہ ہے کہ کلام کرتے وقت یا تقریر کے دوران میں کبھی آواز کو پست کرتا ہے کبھی بلند، کہیں رک رک کر بات کرتا ہے تو کہیں بالکل ٹھہر جاتا ہے۔ ان تمام حرکات کو ظاہر کرنے کے لئے مختلف علامات ہیں جو عبارت میں استعمال ہوتی ہیں۔ ان علامات کو وقف کہتے ہیں۔ علاماتِ وقف مندرجہ ذیل ہیں۔

وقفِ کامل

اس کی علامت (۔) ہے۔ اس علامت پر زیادہ ٹھہرنا چاہیئے۔ یہ علامت پیراگراف کے آخر میں استعمال ہوتی ہے۔

وقفِ خفیف یا سکتہ

اس کی نشانی اُلٹی واو (،) ہوتی ہے۔ یہ علامت ایک جملے کے الفاظ یا چھوٹے چھوٹے مرکبات کے درمیان استعمال ہوتی ہے۔ یہاں تھوڑا ٹھہرنا چاہیئے۔ جیسے:

دوات، قلم اور جزدان لے کر آؤ۔

؎ اُڑا لی قمریوں نے، طوطیوں نے، عندلیبوں نے

وقفہ

اس کی علامت (۔) ہے۔ یہاں بہ نسبت سکتہ کے زیادہ ٹھہرنا چاہیئے۔

ع دیر نہیں ۔ حرم نہیں ۔ در نہیں ۔ آستاں نہیں

علامتِ تعجب یا ندا

اس کی نشانی (!) ہے۔ یہ مندرجہ ذیل مقامات پر استعمال ہوتی ہے۔

۱۔ ندا و منادی کے بعد۔ مثلاً یا الٰہی ! یہ ماجرا کیا ہے ؟

۲۔ اظہارِ حکم کے وقت۔ مثلاً خاموش ! مجھے آرام کرنے دو

۳۔ اظہارِ خواہش کے وقت۔ مثلاً کاش ! اکبر امتحان میں کامیاب ہو جاتا

۴۔ تعجب کے لئے۔ مثلاً واہ رے واہ ! تیری چالاکی کا کیا کہنا۔

۵۔ انبساط کے موقع پر۔ مثلاً اہاہا ! کیا پھول کھل رہے ہیں ؟

۶۔ ندبہ اور افسوس کے موقع پر۔ مثلاً ہائے رے بدبختی ! تو نے مجھے کہیں کا نہ چھوڑا

۷۔ تنبیہہ کے موقع پر۔ مثلاً

مت رکھیو ! گردِ تارکِ عُشّاق پر قدم
پامال ہو نہ جائے سر افراز دیکھنا

۸۔ تحسین و شاباش کے موقع پر۔ مثلاً مرحبا !

علامتِ استفہام

اس کی نشانی (؟) ہے مثلاً ؎

کیا تجسّس ہے تجھے کس کی تمنّائی ہے
آہ! کیا تُو بھی اسی چیز کی سودائی ہے

یہ علامت اظہارِ شک کے موقع پر بھی استعمال ہوتی ہے، جیسے:

اس نے بینک سے ستّر ہزار روپیہ ؟ چُرایا۔

علامتِ تفصیلیہ

(:-) یہ علامت تفصیلِ بیان یا تشریح کے لئے استعمال ہوتی ہے، جیسے:

جو آدمی مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرتا ہے کبھی بیمار نہیں ہوتا :-

۱۔ رات کو بہت جلد سو جاؤ۔

۲۔ صبح کو بہت سویرے اُٹھو۔

۳۔ وقت پر کھانا کھاؤ۔

۴۔ تھوڑی دیر کے لئے سیر کو جاؤ۔

علامتِ حذف

(. . . . .) یہ علامت محذوف عبارت یا چھوڑے ہوئے کلمات کے لئے استعمال ہوتی ہے، جیسے:

دل کو . . . . . . سے راہ ہے۔

علامتِ خطِ مستقیم

(______) یہ علامت بھی محذوف کلمات کے لئے استعمال ہوتی ہے، جیسے: زید اور ______ آپ کے پاس آئیں گے

قوسین

( ) یہ علامت جملہ معترضہ یا کسی چیز کی تشریح کے موقع پر استعمال ہوتی ہے۔ جیسے :

زید (خدا جنت نصیب کرے) نیک آدمی تھا

واوین

" " اس علامت سے کسی دوسرے کی بات کو ظاہر کیا جاتا ہے۔ جیسے : بو علی سینا کا قول ہے "خالص گھی سونے کے کشتہ سے بہتر ہے۔" اسے علامت اقتباس بھی کہتے ہیں۔

علامتِ تعریف

(ـــ) یہ علامت اسماء معرفہ کے اوپر ڈالی جاتی ہے۔ مثلاً :

غالب ، اقبال ، حالی ، دامن ، داغ ، تبسم

علامتِ شعر

یہ علامت (ؔ) عبارت میں کوئی شعر لکھنے سے پہلے بنائی جاتی ہے۔ جیسے : ؔ

دل کے آئینے میں ہے تصویرِ یار

جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی

علامتِ مصرع

یہ علامت (ع) عبارت میں کوئی مصرع درج کرنے سے پہلے بناتے ہیں : جیسے : ع

گر قبول افتد زہے عزّ و شرف

اصطلاحاتِ نظم

شعر

اُس کلام کو کہتے ہیں جو مقررہ وزن اور بحر میں لکھا جائے۔ نثر کسی وزن اور بحر میں نہیں ہوتی۔ اس لئے دونوں کا فرق فوراً معلوم ہو جاتا ہے۔

قافیہ

اُن چند حروف اور حرکات کے مجموعے کو کہتے ہیں جو اشعار کے آخر میں بار بار لائے جائیں۔

ردیف

وُہ ایک یا ایک سے زیادہ الفاظ جو کسی شعر کے آخر میں قافیہ کے بعد جوں کے توں دہرائے جاتے ہیں۔ مثلاً : ؎

کوئی امید بر نہیں آتی کوئی صورت نظر نہیں آتی
موت کا ایک دن معیّن ہے نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالب
شرم تم کو مگر نہیں آتی

ان اشعار میں نظر، بھر، مگر قافیے ہیں اور "نہیں آتی" ردیف ہے۔

مطلع

غزل کا پہلا شعر مطلع کہلاتا ہے۔ اُوپر کے تین شعروں میں سے پہلا شعر مطلع ہے۔

مقطع

غزل کے آخری شعر کو، جس میں بالعموم شاعر اپنا تخلّص لاتا ہے، مقطع کہتے ہیں۔ اوپر کے اشعار میں آخری شعر مقطع ہے۔

غزل

یہ نظم کی سب سے زیادہ مشہور قسم ہے۔ غزل میں کوئی مسلسل مضمون ادا نہیں کیا جاتا۔ بلکہ جُدا جُدا خیالات مختلف اشعار کے ذریعے بیان ہوتے ہیں۔ زیادہ تر عشق و محبت اور تصوّف و اخلاق کے مضامین غزل میں پیش کئے جاتے ہیں۔

قصیدہ

اس نظم کو کہتے ہیں جو کسی کی تعریف میں کہی جائے۔

مرثیہ

وہ نظم ہے جس میں کسی کے مرنے پر غم و رنج کا اظہار کیا جائے نیز مرنے والے کی خوبیاں اور فضائل بیان کئے جائیں۔

مثنوی

اس نظم کو کہتے ہیں جس کے ہر شعر کا قافیہ الگ الگ ہو۔ لیکن ہر شعر کے دونوں مصرعے آپس میں ہم قافیہ ہوں۔ مثنوی میں عام طور پر کوئی قصہ۔ تاریخی واقعہ یا جنگ وغیرہ کی طرح کے طویل مضامین بیان کیے جاتے ہیں۔

رباعی

وہ نظم ہے جس کے صرف چار مصرعے ہوتے ہیں۔ اس کے پہلے۔ دوسرے اور چوتھے مصرعے ہم قافیہ ہونے ضروری ہیں۔

مخمّس

اس نظم کو کہتے ہیں جس کے ہر بند میں پانچ مصرعے ہوں۔ ان مصرعوں میں سے پہلے چاروں مصرعے آپس میں ہم قافیہ ہونگے اور پانچواں مصرعہ دوسرے قافیہ میں ہوگا مگر جتنے بھی بند ہوں گے سب کے پانچویں مصرعے آپس میں ہم قافیہ ہوں گے۔

مُسدّس

اس نظم کو کہتے ہیں جس کے بند میں چھ مصرعے ہوں۔ ابتدائی چار مصرعے آپس میں ہم قافیہ ہوں اور پانچویں چھٹے مصرعے ان سے علیحدہ قافیوں میں ہوں مگر آپس میں ہم قافیہ ہوں۔

قطعہ

وہ نظم جس میں دو یا زیادہ اشعار اس قید کے ساتھ لکھے جائیں کہ سب کا مطلب آپس میں ایک دوسرے سے متعلق یا مسلسل ہو۔ اس کے پہلے شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ نہیں ہوتے، البتہ سب اشعار کے دوسرے مصرعے آپس میں ضرور ہم قافیہ ہوتے ہیں۔

حمد

وہ نظم جو اللہ تعالےٰ کی تعریف میں کہی جائے۔ اس میں خُدا کی قدرتوں کا ذکر اور اس کی نعمتوں کا بیان کیا جاتا ہے۔

مناجات

جس حمدیہ نظم میں خُدا سے کوئی دعا یا التجا کی گئی ہو اُسے مناجات کہتے ہیں۔

نعت

وہ نظم ہے جس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف

بیان کی جائے۔

منقبت

اصحابِ رسولؐ، اولیائے کرام اور بزرگانِ دین کی تعریف میں لکھی جانے والی نظم منقبت کہلاتی ہے۔

فارسی میں ایّام و اوقات

ہفتہ	شنبہ	کل رات گذشتہ	دی شب
اتوار	یک شنبہ	پرسوں رات گذشتہ	پری شب
پیر	دوشنبہ	اترسوں رات گذشتہ	پری پری شب
منگل	سہ شنبہ	کل آئندہ	فردا
بدھ	چہار شنبہ	پرسوں آئندہ	پس فردا
جمعرات	پنج شنبہ	اترسوں آئندہ	پس پس فردا
جمعہ	جمعہ، آدینہ	کل رات آئندہ	شبِ فردا
آج	امروز	پرسوں رات آئندہ	شب پس فردا
کل (گذشتہ)	دیروز	اترسوں رات آئندہ	شب پس پس فردا
پرسوں (گذشتہ)	پری روز	دوپہر	نیم روز
اترسوں (گذشتہ)	پری پری روز	آدھی رات	نیم شب
آج رات	امشب	سیکنڈ، منٹ، گھنٹہ	ثانیہ، دقیقہ، ساعت

فارسی گنتی

یک	دو	سه	چهار	پنج	شش	هفت
هشت	نه	ده	یازده	دوازده	سیزده	چهارده
پانزده	شانزده	هفده	هژده	نوزده	بست	بست ویک
بست ودو	بست وسه	بست وچهار	بست وپنج	بست وشش	بست وهفت	بست وهشت
بست ونه	سی	سی ویک	سی ودو	سی وسه	سی وچهار	سی وپنج
سی وشش	سی وهفت	سی وهشت	سی ونه	چهل	چهل ویک	چهل ودو
چهل وسه	چهل وچهار	چهل وپنج	چهل وشش	چهل وهفت	چهل وهشت	چهل ونه
پنجاه	پنجاه ویک	پنجاه ودو	پنجاه وسه	پنجاه وچهار	پنجاه وپنج	پنجاه وشش
پنجاه وهفت	پنجاه وهشت	پنجاه ونه	شصت	شصت ویک	شصت ودو	شصت وسه
شصت وچهار	شصت وپنج	شصت وشش	شصت وهفت	شصت وهشت	شصت ونه	هفتاد
هفتاد ویک	هفتاد ودو	هفتاد وسه	هفتاد وچهار	هفتاد وپنج	هفتاد وشش	هفتاد وهفت
هفتاد وهشت	هفتاد ونه	هشتاد	هشتاد ویک	هشتاد ودو	هشتاد وسه	هشتاد وچهار
هشتاد وپنج	هشتاد وشش	هشتاد وهفت	هشتاد وهشت	هشتاد ونه	نود	نود ویک
نود ودو	نود وسه	نود وچهار	نود وپنج	نود وشش	نود وهفت	نود وهشت
		نود ونه	صد			

باب بیست و دوم

اُردو سے فارسی میں ترجمہ کرنے کے لئے بعض اصُول

فعل معاون (امکانی)

فعل معاون (سکنا) کا استعمال

جو فعل کسی دوسرے فعل کے ساتھ مل کر مدد دیں۔ ان کو فعل معاون (امکانی) کہا جاتا ہے۔ جیسے:

نان می تواند خورد (روٹی کھائی جاسکتی ہے)

مذکورہ فقرے میں تواند فعل معاون (امکانی) ہے۔

طریقۂ استعمال

۱۔ توانستن مصدر سے مطلوبہ فعل بنا کر پہلے لکھا جائے۔ اس کے بعد اصل فعل کا صیغہ مفرد (واحد) غائب ماضی مطلق لایا جائے اور صیغے کی تبدیلی فعل امکانی میں ہوگی۔ جیسے:

نان می تواند خورد

۲۔ توانستن مصدر سے مطلوبہ فعل کے بعد "کہ" لگایا جائے اور فقرہ کے

شروع میں اسے لکھ دیا جائے اور اس کے بعد اصلی فعل بجائے ماضی کے مضارع استعمال کیا جائے۔ جیسے:

می تواند کہ نان خورد (روٹی کھائی جا سکتی ہے)

فعل تاکیدی

مصدر کے ساتھ "چاہیئے" کا استعمال

ایسا فعل جو کسی دوسرے فعل کی تاکید کے لئے استعمال ہو وہ فعل تاکیدی کہلاتا ہے۔ جیسے:

لاہور نباید رفت (لاہور نہیں جانا چاہیئے)

او را باید نوشید (اسے پینا چاہیئے)

طریقہ

اگر کسی اردو مرکب فعل کا فارسی میں ترجمہ کرنا ہو جو مصدر کے بعد "چاہیئے" سے بنا ہو تو:

الف: فارسی میں ماضی مطلق کے صیغہ واحد غائب سے پہلے "باید" لگا دیا جاتا ہے۔ جیسے:

این آب باید نوشید (یہ پانی پینا چاہیئے)

ب: جملے کے آغاز میں "باید کہ" لاکر آخر میں فعل مضارع لگایا جاتا ہے۔ یعنی مصدر کا ترجمہ فعل مضارع سے کیا جاتا ہے، جیسے:

باید کہ او این آب بنوشد (اسے یہ پانی پینا چاہیئے)

نکات: (الف) اردو کے ایسے جملے جن کے آخر میں پڑا، پڑتا تھا، پڑے گا،

استعمال ہو، ان کا ترجمہ بھی باید اور بایست سے کرتے ہیں۔ جیسے:

مرا این آب باید نوشید (مجھے یہ پانی پینا پڑا)

ب۔ بعض مرتبہ "باید" کی جگہ شاید کا بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے:

او را دروغ گفتن نشاید (اسے جھوٹ نہیں بولنا چاہیئے)

ایسے فقروں کا ترجمہ جن کے شروع میں "جتنا" "جس قدر" "جوں جوں" اور مقابلے میں "اتنا" "اس قدر" "دوں دوں" آئے

طریقہ

"جتنا" "جس قدر" "جوں جوں" کا ترجمہ چندانکہ "اتنا" "اس قدر" کا ترجمہ ہمان قدر اور "دوں دوں" کا ترجمہ فارسی میں کچھ نہیں آتا۔ کبھی چندانکہ کی جگہ "ہرچند" بھی دیتے ہیں۔ جیسے جتنا چاہو لے لو۔ ہرچند بخواہید بگیرید۔

مثال:

چندانکہ بسیار طلبید ہمان قدر کمتر یابید۔	(جس قدر زیادہ مانگو گے اتنا ہی کم پاؤ گے)
چندانکہ محنت کنید ہمان قدر ثمر یابید۔	(جتنی محنت کرو گے اتنا ہی پھل پاؤ گے)
چندانکہ من نزدیک شدم او تیز تر دوید۔	(جوں جوں میں قریب گیا دوں دوں وہ تیز دوڑا)

ایسے جملوں کا ترجمہ جن سے یہ ظاہر ہو کہ ایک فعل کے واقع ہوتے ہی دوسرا فعل صادر ہوا

ا۔ شروع میں لفظ "ہمین کہ" لگا کر دونوں فعلوں کو ان کے صیغوں کے ساتھ درج کرو۔ جیسے میرے آتے ہی وہ مر گیا۔ ہمین کہ من آمدم او مرد۔

۲۔ دونوں فعلوں کی بجائے مصدر لاؤ۔ اور لفظ "ہمان" کو دونوں جملوں کے آخر میں لگاؤ۔ جیسے میرے آتے ہی وہ مر گیا۔ آمدن من ہمان بود و مُردن او ہمان۔

۳۔ شروع میں لفظ "بمجرد" لاؤ اور پہلے فعل کی بجائے مصدر لاؤ اور مصدر کے "نون" کو زیر دے کر فقرہ مکمل کرو۔ پھر دوسرا فقرہ بدستور لاؤ۔ جیسے میرے آتے ہی وہ مر گیا۔ بمجرد آمدن من اُو بمُرد۔

ہمین کہ گلولہ خورد شیر غرّید	گولی کے لگتے ہی شیر گرجا۔
گلولہ خوردن شیر ہمان بود و غرّیدن شیر ہمان	گولی کے لگتے ہی شیر گرجا۔
